جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

بتوفیق خدای رب العالمین بطفیل شفیع المذنبین و رحمت للعالمین یہہ رسالہ مسمی



اہتمام سے یہہ ہیچمدان شاہ عبدالقدوس ابن شاہ محمد جلال قادری الحنفی

مطبع سنی واقع جامع مسجد لشکرگاہ بنگلور مین مطبوع ہوا


اشارہ

جاننا چاہئے کہ اس فہرست مین جو حرف م ہے اشارہ اس متن کا ہے یعنے اسکی فہرست متن مین دیکہین اور حرف ح سے اشارہ حاشیہ کا ہے یعنے فہرست اسکی حاشیہ مین ہے دیکہین بہ آسانی ملیگی

ظاہر کرتا ہے کہ کئی برس سے ایک نیا فرقہ ہند مین پیدا ہوا تھا اور
اب کے سال یعنے سنہ ۱۲۶۵ ہجری مقدسہ مین حرمین الشریفین کے
علماؤنکے اجماع اور اتفاق سے استیصال پایا اس فرقے کا احداث
ہونا اور استیصال پانا اور دہلی مدراس کلکتہ ممبئی حرمین الشریفین کے
سب دیندار عالمونکی صحیح اور مہر دستخط کے فتوے اور چارون
مُصلونکے مفتیونکے جواب وسوال اور خطونکے داخلے جو یہانکے
رئیس بزرگونکو مکہ معظمہ سے آئے ہین مع تفصیل نام ونشان ہندی
عبارت مین ترجمہ کرکے اس مختصر رسالے مین جمع کیا اور نام اس کا
تحفۂ محمدیہ رکھا تا ہر ایک مسلمان اسکو پڑھکر انکے احوال سے
واقف ہو جاوے اور پھر انکے مکر و فریب کے دام مین نہ پھنسے اور ناظرین
بحکم اُنْظُرْ اِلٰی مَا قَالَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰی مَنْ قَالَ چشم انصاف سے
اس رسالے کو اول سے آخر تک دیکھین اور اس عاجز کی خطا اگر
کہین ہوئی ہو تو اسے اصلاح دیوین اور دعا خیر سے یاد کرین اس
رسالے مین ایک مقدمہ سات باب اور ایک خاتمہ مقرر کیا وباللہ
التوفیق حَسْبُنَا اللّٰہُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی میز بکلامہ بین الحق والباطل وجعل الاولیاء والائمۃ دافعین عنہ حجۃ کل زایغ و عاطل والصلوۃ والسلام علی رسولہ وحبیبہ محمد المختار الامین کما قال اللہ تعالی فی شانہ وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین وعلی الہ الطیبین الطاہرین واصحابہ المہدیین واتباعہ المومنین الی یوم الدین اما بعد فقیر حقیر خاکسار خادم الطلاب الراجی الی رحمۃ اللہ الباری سید عبد الفتاح الحسینی القادری المدعو سید اشرف علی گلشن آبادی عفی اللہ عنہ وعن جمیع المومنین سب دیندار صاحبوں کی خدمت میں



بڑھکر عداوت اور نفاق پر نوبت پہنچا تے ہین اللہ تعالی ہمکو اور
سب مسلمان بھائیونکو اُنکے شر و فساد سے بچاوے آمین یارب العالمین

باب پہلا

اس فرقے کے پیدا ہونے اور احداث پانیکے بیان مین سنہ ۱۸۴۴

اخبار آئینہ گیتی نما کلکتے کی چھپی ہوئی مورخہ غرہ جمادی الاول سنہ ۱۲۶۱ ہجری
مقدسہ جو مولوی حکیم احمد حسین صاحب کے اہتمام سے سرکاری مدرسے کے
علاقے مین چھپی ہے اور اُسکی نقل مجمع الاخبار مین ۱۳ جمادی الاول
سنہ مذکور کو چھپی ہے

اصل فارسی نقل آئینہ گیتی نما کی عبارت

خبر ماجرای مبتدعین ضالین مضلین خذلہم اللہ جمیعاً پوشیدہ نماند کہ
بوجود برکت و ہدایت آمود اکمل اولاد مصطفوی اجمل احفاد مرتضوی
قدوة العارفین زبدة الواصلین مقدمہ الجیش عارفان دین مروج
احکام شرع متین سر حلقہ اتقیا رئیس الشہید المؤید من الواحد الصمد المبشر
من جناب رسول الامجد حضرت سید احمد رضی اللہ تعالی عنہ وعن اخوانہ
وانصارہ بسیاری از بدعتہای دیرینہ وضلالتہای پارینہ اکثر بلاد سیما ملک

مقدمہ

جاننا چاہیئے کہ ابتدا مین اس فرقے والون نے اپنے پانچوین
مذہب کا نام محمدیہ رکھا اور خود کو عامل بالحدیث قرار دیا لیکن ہند علماؤن نے
جو انکے رد مین کئی رسالے تصنیف کئے ہین بعضون نے اسکا نام نئی
مذہب والے بعضون نے متوغلین رکھا اور بعضون نے معتزلہ وہابیہ اور اسماعیلیہ
نام سے مخاطب کیا لیکن ابھی حرمین الشریفین اور حضور بادشاہ
ادام اللہ تعالی برہم وحسانہم علی رؤس المسلمین الی یوم الدین کے خاص
خطوط سے ان لوگون کا نام وہابیہ ثابت ہو الغرض انکا اعتقاد
معتزلہ اور وہابیہ سے بدتر بلکہ بہتر فرقون مین یہہ شریر اور بد اعتقاد
زیادہ ہے کیونکہ ان فرقون مین بعضے فروعات مین اختلاف
کرتے ہین اور بعضے اہل بیت کے شان مین اور بعضے رسول اللہ کے
اصحاب کے باب مین گفتگو اور تکرار کرتے ہین لیکن جناب آنحضرت
علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت مین کچھ بے ادبی نہین کرتے اور یہہ
لوگ تو جو آیتین بتون کی اور بت پرستون کی شان مین نازل ہوئین ہین انکو
انبیا اولیا ملایک اور دین کے بزرگون کی طرف لگاتے ہین اور اہانت وحقارت سے

وتسویلات شیطانی بسند مختار بودند خودها باخذ بیعت بحکم آنجناب
که نظر بر توسیع احاطهٔ ارشاد هر طالب را اجازت میفرمودند قدم بر
بساط وعظ ونصیحت نهاده بشهرت خلافت آنحضرت دوکان تزویر
برچیدند وخودها را پیشوا ومقتدای وقت قرار داده بسیاری را از
بندهای خدا بدام ضلالت آوردند وچون همه آنطایفه از جمیع علوم درسیه
که از شرایط علوم دینی اند بی بهره محض بودند ودر تحصیل آن قطع نظر از
امتداد زمان قلت وقعت واعتبار خود نزد عوام فهمیده گرفتار شکلهای
شیطانی شدند یعنی بر جمیع علوم دینی از فقه واصول وکلام وعلمای آن زبان
طعن وتشنیع کشاده خودرا عامل بحدیث مشتهر ساختند وبدیدن ترجمه
فارسی مشکوة شریف شیخ عبد الحق دهلوی علیه الرحمه وترجمه هندی فرقان
مجید حضرت مولوی عبد القادر ومولوی رفیع الدین علیهما الرحمه دعوی
محدثی ومفسری نموده علانیه بشان ائمه اربعه ودیگر فقها رضوان الله
تعالی علیهم اجمعین بتهمت کذب وافترا ساخته خاک بدهان گندهای خود
انباشتند ورفع یدین وآمین بجهر وتلاوت سوره فاتحه بعقب امام
وغیره مسایل بکمال اصرار واستبداد بمعتقدین خویش تعلیم نمودند وباین

وسیع الفضا کثیر البلائی هندوستان که اکثر افراد ساکنین آن مبتلای
دام ملاهی وبدعات میباشند برخاسته وهزاران هزار مردان وزنان وپیر
وجوان از افعال نامشروعه دست کشیده بشرف توبه وانابت مشرف
گشته اختیار طریقه مسنون واعمال نجات مقرون اختیار نمودند ودایرهٔ
برین هدایت آنقدر وسعت پذیرفت که از شاهجهان آباد تا کلکته کمتر
دیهی خواهد بود که در انجا اثری از آثار آن نرسیده وعالمی بفیض برکات
آن عالی درجات از گرداب جهالت وبادیهٔ ضلالت خلاص یافته بشاهراه
هدایت قدم نهادند وآنچه درراه خدا بخلوص نیت ازان عارف کامل
بوجود آمد مشاهدهٔ دوست ودشمن گردید تا اینکه جان عزیز درین کار
درباخت وبرفاقت وصحبت شهدا الخلد برین شتافت بعد شهادت
آن مقبول بارگاه کبریا احدی از اصحاب صفوت وتقوی انتساب که
بعد آنحضرت مسند سلسلهٔ عالیشان بیاراید وطریقه هدایت وارشاد مسلوک
دارد نماند که اکثری بلکه جمیع آن پاک بازان باشتیاق جنان سبقت جسته
روبروی آنجناب هدایت مآب شربت خوشگوار شهادت نوشیدم
بانتظار روح مطهرش چشم براه گشتند مگر نااهلان چند باغراض نفسانی

وتسویلات شیطانی بستند مختار بودند خودها با هذه بیعت بحکم آنجناب
که نظر بر توسیع احاطه ارشاد هر طالب را اجازت میفرمودند قدم بر
بساط وعظ ونصیحت نهاده بشهرت خلافت آنحضرت دوکان تزویر
برچیدند وخودها را پیشوا ومقتدای وقت قرار داده بسیاری را از
بندهای خدا بدام ضلالت آوردند وچون همه آنطایفه از جمیع علوم دینیه
که از شرایط علوم دینی اند بلی بهره محض بودند ودر تحصیل آن قطع نظر از
امتداد زمان قلت وقعت واعتبار خود نزد عوام فهمیده گرفتار شکهای
شیطانی شدند یعنی بر جمیع علوم دینی از فقه واصول وکلام وعلمای آن زبان
طعن وتشنعه کشاده خودرا عامل بحدیث مشتهر ساختند وبدین ترجمه
فارسی مشکوٰة شریف شیخ عبدالحق دهلوی علیه الرحمه وترجمه هندی فرقان
مجید حضرت مولوی عبدالقادر ومولوی رفیع الدین علیهما الرحمه دعوی
محدثی ومفسری نموده علانیه بشان ائمه اربعه ودیگر فقهها رضوان الله
تعالی علیهم اجمعین بتهمت کذب وافترا ساخته خاک بدهان گندهای خود
انباشتند ورفع یدین وآمین بجهره وتلاوت سوره فاتحه بعقب امام
وغیره مسایل بکمال اصرار واستبداد بمعتقدین خویش تعلیم نمودند وباین

وسیع الفضا کثیر البلاد ہندوستان کہ اکثر افراد ساکنین آن مبتلای
دام ملاہی و بدعات میباشند برخاستہ وہزاران ہزار مردان و زنان و پیر
وجوان از افعال نامشروعہ دست کشیدہ بشرف توبہ و انابت مشرف
گشتہ اختیار طریقہ مسنون واعمال نجات مقرون اختیار نمودند ودایرۂ
برین ہدایت آنمقدار وسعت پذیرفت کہ از شاہجہان آباد تا کلکتہ کمتر
دیہی خواہد بود کہ در انجا اثری از آثار آن نرسیدہ وعالمی بفیض برکات
آن عالی درجات از گرداب جہالت وبادیۂ ضلالت خلاص یافتہ بشاہراہ
ہدایت قدم نہادند وآنچہ در راہ خدا بخلوص نیت ازان عارف کامل
بوجود آمد مشاہدۂ دوست ودشمن گردید تا اینکہ جان عزیز درین کار
درباخت و برفاقت وصیت شہید الخلد برین شتافت بعد شہادت
آن مقبول بارگاہ کبریا احدی از اصحاب صفوت و تقوی انتساب کہ
بعد آنحضرت مسند سلسلۂ عالیشان بیارایند و طریقہ ہدایت وارشاد مسلوک
دارد نماند کہ اکثری بلکہ جمیع آن پاک بازان باشتیاق جنان سبقت جستہ
روبروی آنجناب ہدایت مآب شربت خوشگوار شہادت نوشیدہ
بانتظار روح مطہرش چشم براہ نشستند مگر ناہلان چند باغراض نفسانی

تصرف سرکار کمپنی است از تاخت و تاراج آنها باقی نمانده از انجا که
کشف این راز بر خواطر عوام که قول خواص بتاثیر افسون آنها طایفهٔ دہنا
مقبول نمیدارند بدون اختلاف و ناموافقت بعضی ازان گروه با
دیگر ممکن نبود درین جز زمان بمقتضای مشیت ایزدی مسمی زین العابدین
احمدی ازان زمره را بامر شد و استاد خود که ولایت علی عظیم آبادی با
خلاف افتاد لهذا خطی متضمن بعضی حالات او بخدمت احدی از معتبرین
کلکته برنگاشته که برای تیقیظ غافلین و تصریح عاقلین نقلش درین
اوراق سمت نگارش میباید امید از ناظران انکه مضمون آنرا تا هرجا که
دست رس باشد اعلان فرمایند که خالی از ثواب عظیم نیست و پوشیده
نماند که اصل و امام این فساق مولوی فضل الحق بنارسی که بالفعل تبدیل
مذهب اہل سنت جماعت باثناعشری نمود و محمد حسین و ولایت علی
عظیم آبادی صادق پوری و دیگر برادران او میباشند و دیگران را بمنزله
قیاس باید نمود اللهم احفظنا من مکاید الشیطان . و اینجا خط اینست

نقل بجنسه خط مرقومه

از زین العابدین بعد سلام علیکم و رحمة الله و برکاته معروض انکه

حرکت این بیهودگان طلبه برد* و نسخ اقوال و اعمال باطله این باطلان پرد

در سالها تا بلیغه رسید و اختلافی عظیم و تفرقه جسیم درمیان خواص و عوام

اهل سنت و جماعت پیدا گشت تا اینکه در بسیاری جاها نوبت زد و

ضرب و کشت و خون رسید وبال اینهمه افتنان بنامه اعمال آن سیه

درونان مندرج گردید و چون کاسه حرص این حریفان بنذور و غیره

سلوکات مریدان حسب مطلب پر نگشت دامی دیگر گستردند

وان اینکه حضرت سید صاحب شهید نگشته بلکه بقلال کوه بفکر درستگی

سامان جهاد مصروف میباشند پس هر مسلم را باید که تائید آنجناب

بارسال زر و مال که در ثواب مقدم برجان واقع گشته نماید و بسیاری

پاک اعتقادان نیک نهاد از رجال و نساء اسباب زیورات

و جایدات خود فروخته بخدمت واعظان مذکورین رسانیدند

وآن خود گم گشتگان باین حیله کیسهای آرزو و حوضهای تمنا پر کردند

و سالها ایست که بوسیله این دام ماهها مردمان شکار میکنند و هیچ قریه

و ده از آفت و غارت این بدبختان و کوچک ابدالان ایشان

محفوظ نمانده حتی که تا حیدرآباد دکهن و غیره صوبجات که خارج از احاط

درشت از جناب او در فهم نمی آید پس متحیرم قاسم جواب میداد که حضرت

بالفعل در جذب هستند و ضمیر الدین یک مهر نام امام از طرف خود کنده کنانیده

از هندوستان با خود برده بود روزی کریم الله از طرف غا و پیام آورد

که امام همام مهر نام خود میطلبد قاسم همان مهر بدست کریم الله فرستاد و بعد

چند روز کریم الله مهر واپس آورد و گفت امام میفرمایند که جا بجا از طرف من

خطوط بنویسند و همین مهر ثبت نمایند آنوقت هم این عاجز گفت که هنوز

مردمان را در حیات امام شک است کتابت خطوط یا ثبت این مهر جدید

که بجز مضرت توقع منفعت نمیدارد از عقل رسائی امام همام پس بعید

معلوم میشود بعد یک دو روز کریم الله پیام آورد که امام ناخوش میشوند

و میفرمایند که زین العابدین مرا عقل می آموزد و نیز ملا غا و میگویند که دو صحابی

در جنگ بدر و گاهی میگوید احد نام یکی ابن عباس و دیگر ابن خزیمه غایب

و مخوف شده زیر زمین هدایت کرده الحال که زمان ظهور امام قریب است

از میان سنگی بالای کوه شاه کرادن بیرون آمده معیت امام اختیار

کردند و نیز میگویند که بادشاه چین از چین کلان طلبیده است برای تخت

امام همام با تمام اولیای زمانه مثل سلیمان ع به هوا سیر میکنند و نیز ملا غا و

۱۱

انکه یاد بود دیگر از همین خدمت گار بحق جناب مولوی ولایت علی صاحب
این ها تبرا خرافات متعدد در حق این بدعات شروع کند سنت می انکارد
سنیه را عقاید در همه راقت و دانائی و خیرخواهی جناب مولانا و مرشدنا ولایت علی صاحب
نمود چه جنید بشارات جناب موصوف در احاطه عقل نمی گنجید ند خود را
روانه بطرف منزل معلوم گردانید انجا رسیده قولی یا فعلی یا حرکتی یا
سکونی که شایان امام همام باشد نشنیدم و ندیدیم بلکه کریم الله میواتی
... قاسم کذاب امده بود از طرف ملا تخاور در قافله امده اظهار
میکرد که ... باید شیخ ولی محمد بنقد مردود شده که اگر بخیبت منگل
از ... توبه کند قبول خواهد شد و توبه ولی محمد نخواهد شد میسر ماینید
که مسلمان شدن بس مشکل است درین زمانه یک قاسم را خدا مسلمان
نمود و میسر باید که زین العابدین مرد خوب است که همه مال و اسباب خود
حواله قاسم نمود و از عنایت علی نهایت ناخوش هستند که همه مال و اسباب
خود حواله قاسم نمود و علی هذا القیاس همچنین خرافات که قطره از دریا نمی
توانم که بنویسم شنیده متحیر میشدم و از قاسم میپرسیدم شخصیکه رتبه انبیا علیهم
السلام در اخلاق و رحمت و عقل داشته باشد صد در همچنین اقوال

ناراض شد تا وقتیکه در قافله نخواهم آمد هرگز ملاقات نخواهم کرد بعد ازین
دیدن مردمان آن جسد را یکبار مفقود شد تا اینکه ملا تراب با یک دو شخص
دیگر از کابل و قندهار آمده بودند طمع بسیار ملا غاو را دادمایندند او در دام طمع
افتاده بر سه کس را پیش همان جسد مصنوع برد اینها ملاحظه دیدند که تن مصنوع
از پوست بز و کیاه و چوب و ریشه ساخته بود این ماجرا را از قاسم کذاب
پرسیدم جواب داد درست است این کرامت امام است که بهمین صورت
هم خفته بنظر اینها آمد بعد ازین ملا غاو رگفتن گرفت که حضرت ناخوش شده
آمد و رفت در خانه من ترک نمودند بالفعل بخانه میان چشتی صاحب گاه گاه
می آیند بجای میان چشتی صاحب نیز قاصد مولوی خدابخش صاحب
کوچه نوجوان را گرفته زد و کوب نموده تاج و پاپوش میان کاذب
بفرخ آباد آورده اینست شمه از احوال افترا و ضلالت اینجا فقط و فقیر که
در اوایل همان جسد بی حس و حرکت را دیده خطوط نوشته بود و جهتش فرط
عقیدت جناب بود الحال که کذب و افترا و ضلالت اینجا اظهر من الشمس گردید
خیر و انجام کار اینجا بهیچ وجه ندید بمصداق فماذا بعد الحق الا الضلال خود را
از ضلالت رها نمود درین خط مولوی بدیع الزمان و مولوی رجب علی را

قبل عید الضحی میگفت که تمام اولیا با پیغمبر خدا صلی الله علیه وآله واصحابه
وسلم پیش امام آمده بودند همه اولیا امام تمام را گفتند که برخیز لشکر کفار
بر بالاکوت آمده امام فرمودند که بجز حکم خدا نخواهم برخواست آخر
پیغمبر خدا صلی الله علیه وآله وسلم فرمودند که برخیز امام جواب دادند
که غلام را اختیار خود نیست وملا غاور قبل ملاحظه کنانیدن جسد مصنوع
عهد وپیمان واثق از مردمان بگرفت که اراده کلام ومصافحه نکنند والا
چهارده سال دیگر غایب خواهد شد از کمال محبت همان جسد بے حس و
حرکت را میدیدند وسلام هم میکردند که جواب نمیداد لیکن قصد مصافحه
نمیکردند آخر شده بمصداق مثل کلمه خشته چون شک در دل مردمان
زیاده شد وقصد مصافحه کردند ملا غاور ترسانیدن شروع نمود که اگر
کسی بے اطلاع قصد مصافحه خواهد کرد میان چشتی صاحب ویا میان
عبدالله صاحب از طپنچه خواهند زد چون دید که ترسانیدن هم بکار
نمی آید مردمان بغیر مصافحه نخواهند گذاشت وحقیقت حال واضح
خواهد گشت گفتن گرفت که امام میفرمایند که مردمان بر دیدن من بغیر
مصافحه وکلام اکتفا نکردند وشکر این نعمت بجا نیاوردند او سبحانه

وہان سے بھاگ نکلے سو ہندوستان مین آکر پیری مریدیکا سلسلہ

بڑہانے لگے اور حضرت سید صاحب ممدوح و مغفور نے دین محمدی کی

تقویت اور افزایش کی نیت سے اکثر لوگونکو یہان سند خلافت و اجازت

عنایت کئے تھے اسلئے بہتیرے نالایق اور نفسانیت والے شخصون نے

وعظ و نصیحت کا بازار گرم لیا اور خود کو دین کا پیشوا اور مقتدی سمجھکے

بہت سے بندگان خدا کو اپنے دام فریب مین کھینچا اور یہ لوگ اکثر علوم

صرف نحو منطق معانی فقہ اصول کلام عقاید وغیرہ علوم درسیہ سے بے بہرہ

تھے اور فقط مشکات شریف کا ترجمہ علم حدیث مین [illegible] حضرت

تاج المفسرین سلطان المحدثین مولوی عبد القادر صاحب مولوی رفیع

الدین صاحب علیہما [illegible] کا [illegible] ترجمہ [illegible]

حمید کا پڑھکر بڑے مولوی بن بیٹھے اور دعوی اجتہاد کا شروع

کیا اور سب ایمہ اربعہ اور فقہاے [illegible] رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی

شان مین ناشایستہ باتین اور جھوٹی تہمتین ظاہر کرکے بدبختی کی

خاک اپنے منہہ مین بھری اور خود کو عامل بالحدیث جانکر بہت سے

مسلمانونکو شیطانی دام مین گرفتار کئے مگر علوم درسیہ سے بالکل ناواقف تھے

سلام نوشتہ بود. **خلاصۃ ترجمہ اسکا ہندی عبارت مین**

پوشیدہ نرہے کہ حضرت اکمل اولاد مصطفوی واجمل احفاد مرتضوی
قدوۃ العارفین زبدۃ الواصلین المؤید من اللہ الصمد المبشر من جناب
رسول اللہ الامجد حضرت سید احمد رضی اللہ تعالی عنہ وعن اخوانہ وانصارہ کے
وجود برکت آمود سے بہت بدعت اور گمراہی کے کام ہندوستان کے
ملک مین سے موقوف ہوے اور ہزارون مسلمان مرد عورت شرک و بدعت سے
خلاصی پاکر انکے مرید ہوکر توبہ اور ہدایت سے مشرف ہوے چنانچہ دہلی کلکتہ
اور بمبئی کے تمام اطراف کے شہر وہین ایسا کوئی مقام باقی نرہا
کہ جہان انکے فیض کا اثر نہ پہنچا اور اکثر مومنین پاک اعتقاد انکی مریدی
اور بیعت کی برکت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی
پیروی اور سنت پر قایم ہوگئے اور جو کچھہ انھون نے اللہ کی راہ مین
کوشش کی سب دوست اور دشمن پر ظاہر ہے یہان تک کہ اپنی
جان بھی فدا کی اور شہید ہوے اور انکے ساتھہ بہشت برین کیطرف چلے گئے
انھون کے رفیق اور خلفا انکے سامنے سب کے سب شہید ہوے اور کوئی
باقی نرہا جو انکے مسند خلافت کو زیب دیوے مگر جو لوگ اپنی جان بچاکر

بجوانکی غارتگری اور لوٹ سے بچا ہو چنانچہ حیدرآباد دکن وغیرہ کئی شہر
جو سرکار کمپنی بہادر کے علاقے مین نہین تھے وہان بھی ان لوگون نے ایسا
فریب کرکے خوب روپیہ جمع کیا اور اس بہانے سے مدت تک حرام کا مال کھاتے
اور اپنا کیسہ طمع بھرتے رہے اگرچہ بہت دیندار لوگون نے یہہ اظہار کیا
کہ سید صاحب مغفور مدت ہوئی کہ شہید ہو گئے تم عبث ان مکارو دغاباز لوگون کو
ان سے روپیہ دیتے ہو لیکن انکے مریدو اور معتقدون کے دلپر اس بات کی تاثیر نہین ہوئی
تھی بلکہ ایسا کہنے والیکو دشمن جانتے تھے جب [illegible] الیہ عم
نوالہ نے جواب دین محمدی کا لکھا اور تنقیہ حقیقی بھی چھاپا کہ ان لوگونکا فساد
منقطع کر دیوے تب زین العابدین نام ایک شخص [illegible] مرید اور شاگرد
ولایت علی عظیم آبادی کا تھا اپنے مرشد سے پھر گیا اور ایک خط ان
لوگون کے مکر اور فریب کی سب کیفیت کا لکھکر کلکتے کے ایک معتبر شخص کو
بھیجدیا اب وہ خط بجنسہ چھاپا جاتا ہے تا غافلونکی غفلت بھری آنکھ کھلجاوے
اور ہر ایک مسلمان انکے مضمون کو ہر ایک جگہہ ظاہر کرے اور دوسرے بھائیون کو
انکے فریب سے بچاوے تا موجب حسنات کا ہو واضح ہو جانا چاہئے کہ اصل اس
فساد کے بانی مولوی فضل الحق بنارسی جو ابھی دہریہ مذہب کا بن گیا ہے اور محمد حسین

اسلیے ہر ایک طالب العلم کے ساتھ مباحثے مین ذلیل و خوار ہوتے
رہے انکے پیروی کرنیوالے جاہلون نے زبان درازی زیادہ شروع کی
اور اکثر جاگہہ مارپیٹ لڑائی اور جھگڑے کی نوبت پہنچی اور اہل سنت و
جماعت کے اجماع اور اتفاق مین بڑا تفرقہ پڑ گیا ہندوستان کے اکثر عالمون نے
انکے باطل مذہب کے رد مین رسالے لکھے اور انکے استیصال مین جان و دل سے
ساعی ہوئے مگر یہہ لوگ اتنی بھی فتنہ انگیزی پر بس نکر کے دوسرا
مکر کا دام پھیلایا اور نفسانی طمع کے واسطے ایک نئی ڈھب سے
مریدون کے پاس سے روپئے کھینچنے کی تدبیر کی اور اپنے مریدون اور
معتقدون سے کہنے لگے کہ سید احمد صاحب شہید نہین ہوئے بلکہ فلانے
پہاڑ مین ایک غار کے اندر چھپ کر بیٹھے ہین اور اپنے لشکر کی درستی
کرنے مین مشغول ہین مگر پیسا نہین اسلئے ناچار ہین اب ہر ایک
مرید اور معتقد مسلمانونکو لازم ہے کہ حضرت کی مددگاری اپنے مال و جان سے
کرے بلکہ زر و مال سے مدد کرنیکا ثواب زیادہ ہے تب اکثر مسلمان
پاک اعتقاد والے کیا مرد اور کیا عورت اپنا زیور اسباب گھر دار بیچ کر
اُن مولوی لوگونکو روپیہ دینا شروع کیا کوئی شہر باقی نہین رہا

برابر میں نہیں لکھہ سکون سُنکر حیرت کرتا تھا اور قاسم کو پوچھتا تھا کہ جو شخص
انبیا علیہم السلام کا پرتو اپنے اخلاق حمیت اور عقل میں رکھتا ہو سو وہ ایسی سخت
باتیں کیسے تو کچھہ سمجھہ میں نہیں آتین ہیں اسلئے میں بہت متحیر ہون قاسم جواب
دیتا تھا کہ حضرت ابھی حالت جذب میں ہیں اور ضیاء الدین نے ایک مُہر امام کے نام کی
اپنی طرف سے کندہ کرا کے ہندوستان سے ہمراہ لیگیا تھا ایک دن کریم اللہ ملا تھا اور کے
طرف سے آیا اور یہہ پیغام دیا کہ امام ہمام اپنے نام کی مُہر مانگتے ہیں قاسم نے وہ مُہر لیکر
کریم اللہ کے ہاتون بھیجدی چند روز کے بعد کریم اللہ نے وہ مُہر پھیر لایا اور
کہا کہ امام ایسا فرماتے ہین کہ میری طرف سے جا بجا خط بھیجین اور یہہ مُہر اُسپر لگاوین
قاسم نے بھی اس عاجز کو کہا کہ اب تک امام کی زندگانی میں لوگونکو تنبیہ کے واسطے خطوط کا
لکھنا اور یہہ مُہر اُسپر لگانا امام ہمام کی رسائی عقل سے دور نظر آتا ہے کیونکہ سوا
نقصان کے اسمین کچھہ نفع کی اُمید نہین بعد دو روز کے پھر کریم اللہ آیا اور کہنے
لگا کہ امام ناخوش ہوتے ہین اور فرماتے ہین کیا زین العابدین مجھکو عقل سکھاتا ہے ملا غاو
ایسا کہتے ہین کہ دو صحابی جنگ بدر میں سے اور کبھی کہتے ہین جنگ احد میں سے کہ ایک کا نام
ابن عباس اور دوسرے کا نام ابن خزیمہ تھا غائب ہو کر زمین کے نیچے [illegible]
مشغول تھے اب جو امام کے ظہور کا زمانہ نزدیک آیا ہے سو وہ دونون شاگرد ان کے

ابن ادریس مقالة صحیح النقل فی حقیقة بان الناس فی فقه عیال علی فقه الامام ابی حنیفة فلعنة ربنا اعداد رمل علی من رد قول ابی حنیفة

[illegible]

صادق پوری و مولوی ولایت علی عظیم آبادی اور انھون کے رفیق اور
تابع ہین اور وہ سرغنونکی بر قیاس کرلیا جاے اللہم احفظنا من مکاید الشیاطین
ترجمہ مولوی زین العابدین کے خط کا بعد سلام علیکم و رحمۃ اللہ
و برکاتہ کے عرض یہہ ہی کہ یہہ عاجز مولوی ولایت علی کے خدمت کا رکن
برکت سے بعضے کو دین و ایمان کے کام مین داخل کرنا برا جانتا ہی اور ایسے بد عقیدہ
[illegible] سنت سمجھتا ہی باوجود کہ مرشدنا و مولانا ولایت علی صاحب کی [illegible] اور
[illegible] عقل [illegible]
[illegible] لائق ہو [illegible] بالکل [illegible]
[illegible]
کیا [illegible] ایک [illegible] ہین کہ شیخ ولی محمد [illegible]
قبر مین [illegible] توبہ کرے تو بھی توبہ قبول ہوگا مگر شیخ ولی محمد کی توبہ قبول نہوگی
اور ایسا بھی فرماتے ہین کہ مسلمان ہونا بہت مشکل ہی اسلئے کہ مین ایک [illegible] کو
[illegible] مسلمان کیا ہی اور زین العابدین بہت اچھا آدمی ہی کہ اسنے اپنا تمام مال و
اسباب [illegible] کے حوالے کیا اور عنایت علی حضرت خوش ہین کہ اسنے اپنا سارا
مال و اسباب [illegible] کے حوالے کیا اور اسطرح کی بہت باتین جو دنیا مین ایک قطرہ ہے

[illegible]

کھل جائیگی تب یون کہنے لگا کہ امام ہمام ایسا فرماتے ہین کہ لوگون نے
میرے دیکھنے پر بغیر مصافحہ اور کلام کے صبر کیا اور اس نعمت کا شکر بجا نہ لایا اسلیے حق تعالے
انلوگون سے ناراضی ہوا بعد اسکے اب مین جب تک قافلے مین نہ آونگا تب تک کسی سے ملاقات نہ کرونگا
پھر تو اُس ٹیلے کا دیدار کسیکو میسر نہوا الغرض چند روز کے بعد ملا نزاب اور ایک دو
شخص بزرگ انکے ہمراہ کابل و قندہار سے وہان آئے اور ملا غاور کو بہت سی طمع
دیکر فریب کے شکنجے مین کھینچے آخر الامر ملا غاور انھکو دیدار دکھانیکے واسطے اُس
تیلے کے پاس لے گیا اُنھون نے اچھی طرح دریافت کرلیا کہ وہ تیلا بکری کے چمڑے کا ہے جسمین
گھاس بھرا ہوا اور لکڑی بانس وغیرہ کا بنایا ہوا تھا اس عاجز نے یہہ تو اول اسی
کذاب سے پوچھا اُسنے جواب دیا کہ سچ ہے اور یہہ بھی امام ہمام کی کرامت ہے کہ انلوگونکی
نظر مین ایسی صورت سے دکھلائی دی بعد اسکے ملا غاور کہنے لگا کہ حضرت مجھسے ناخوش
ہوے اور میرے گھر کا آنا جانا موقوف کیئے بالفعل میان چشتی صاحبکے یہان کبھی کبھی آتے
ہین پھر مولوی خدابخش صاحب نے کو جو نوجوان کو بیگر کر بیعت کرکے انکا تاج
اور پاپوش فرخ آباد مین لائے ہین یہہ ایک شمہ ان لوگونکی ضلالت اور شرک و
بدعت کا احوال ہے اور اس فقیر عاجز نے اوسی بیجان جسم کو دیکھکر خطوط
لکھا تھا اور بہت اعتقاد صادق حضرت کی جناب مین ظاہر کیا تھا اب

پہاڑ پر پتھر کے تلے سے باہر نکل آئے اور امام ہمام کی رفاقت میں آبیٹھے
اور یہہ بھی کہتے ہیں کہ چین کا بادشاہ مہاچین بلایا گیا ہے کہ اسکے تخت پر امام
ہمام سب اولیائے زمان کے ساتھ بیٹھکر سلیمان علیہ السلام کے مانند ہوا پر سیر کرتے پھرتے
ہیں اور عبید الضحی کے اول ملا غادر ایسا کہتا تھا کہ سب اولیا پیغمبر علیہ السلام کے ہمراہ امام
ہمام کے نزدیک آئے تھے اور امام ہمام کو کہتے تھے کہ اٹھو کافروں کا لشکر بالاکوٹ
آیا ہے امام نے فرمایا کہ میں خدا کے حکم سوائے نہ اٹھونگا آخر پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا
اٹھو امام نے جواب دیا کہ غلام کو اتنا اختیار نہیں ہے ملا غادر نے یہہ ایک تیلا
بنایا ہوا دکھلایا کہ اول سب لوگوں سے عہد و پیمان لیا تھا کہ تم ہرگز مصافحہ اور بات
چیت کا ارادہ مت کرو نہیں تو پھر امام ہمام چودہ برس تک غایب ہو جاوینگے تمام آدمی
اپنے دل کی محبت سے وہی بیجان جسم کو دیکھا کرتے اور دور سے سلام کیا کرتے اگرچہ
جواب نہ سنتے تھے مصافحہ کا ارادہ بھی ہرگز نکرتے تھے جب چند روز اسی
طرح سے گذرے لوگوں کے دلوں میں شبہہ پڑہتی ہی مصافحہ کا قصد کیے ملا غادر سبھونکو
ڈرانے لگا کہ اگر کوئی بے اطلاع مصافحہ کریگا تو میاں چشتی صاحب یا میاں
عبد اللہ صاحب اسکو طمنچے سے مار ڈالینگے ملا غادر نے دیکھا کہ میرا ڈرانا کچھہ کام
میں نہیں آتا اور لوگ مصافحہ کیے بغیر نچھوڑینگے اور اس تیلے کی حقیقت حال

[illegible]

باالله صاحب قدس الله اسرارہم اجمعین سے ملی تھی اور اس فقیر حقیر کو بھی مجددیہ طریق کی اجازت حضرت مرشدنا سید عبدالرزاق المدعو سید عطا حسین صاحب داناپوری سے ہے اور ان بزرگوارونکی جناب مین کمال اعتقاد رکھتا ہے مگر یہہ مردود لوگ اپنے پیرون اور مرشدون سے بالکل منکر ہوے کیونکہ یہہ سب بزرگوار حنفی مذہب رکھتے تھے اور یہہ لامذہب ہین واللہ اعلم بالصواب

باب دوسرا

کلکتے مین انلوگون نے جو فساد کیا تھا اسکے بیان مین

معلوم ہووے کہ مولوی عبدالجبار ابن حبیب اللہ ساکن شیخپورہ نے ایک بڑا فتنہ دین مین ڈالا اول تو پیری مریدی کرکے اپنا پیٹ بھرتا تھا بعد ازان حضرت فضایل مآب مولوی کرامت علی جونپوری کے پاس جو حضرت سید احمد صاحب کے بڑے نامی خلیفہ ہین مشکات شریف کا ہندی ترجمہ پڑھکر تین دن مین استاد او مرشد سے بھی زیادہ بڑھ گیا اور چارون مذہبونکو بدعت کہنے لگا آخر مسجدون مین نمازی مسلمانونکے درمیان فساد ہونا شروع ہوا اور زبان سے ہاتھہ پر نوبت پہنچی تب عالم باعمل فاضل بے بدل مولوی محمد وجیہہ صاحب مدرس اول مدرسہ کلکتہ نے بڑی تلاش کرکے بیس سوال اور جواب آیات اور احادیث سے مدلل کرکے چھپوا دیا اور نام اسکا نظام الاسلام رکھا اور وہان کے علماؤنکی مہرین جو اس رسالہ مین ہین

علام سبحان

احمد کبیر

[illegible]

انکو کوئی گمراہی اور جھوٹا بہتان اظہر من الشمس ہو گیا اور حق کے بعد ضلال
اگیا اسلئے خود کو انکی گمراہی اور تہمت سے بچایا اور اس خط مین مولوی بدیع الزماں
اور مولوی رجب علی کو سلام لکھا ہے فقط +

اب یہان سے صاف معلوم ہوا کہ یہہ لوگ حضرت سید احمد صاحب رح کے دشمن اور ان سے
منکر ہین انکے طریقے ظاہر مین بھی خلاف عمل کرتے ہین اور باطن مین انکے
اذکار اشغال مراقبے مشاہد بالکل چھوڑ دئے وہ تو خلف سے اہل سنت جماعت سے تھے
مذہب حنفی رکھتے تھے اور قادریہ چشتیہ نقشبندیہ اور مجددیہ ان چارون
طریقونکی اجازت اپنے مرشد حضرت افضل المتاخرین سلطان المفسرین والمحدثین
جناب مولانا شاہ عبد العزیز صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے انکو ملی تھی اور انھون نے
اپنے والد اور استاد حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے
خلافت و اجازت اور علم باطن کی نعمت پائی تھی اور انھون نے اپنے والد اور
استاد حضرت مولانا شیخ عبد الرحیم صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے ان چارون طریقونکی
بیعت اخذ کی تھی اور انھون نے حضرت سید عبد اللہ اکبر آبادی سے اور انھون نے
حضرت سید احمد بنوری سے اور انھون نے حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی سے
اور یہہ بزرگ موجد طریقہ مجددیہ کے ہین اور انکو نعمت باطنی حضرت شاہ باقی

عمل انکرنیکی و جھوٹ بیان کر کے بمہر و دستخط اپنے درست کر دیا کہ لوگ اسکو پڑھکر
دین کے امور میں مضبوط ہو جاویں اور اپنے مذہب پر قایم رہیں پھر کسیکے بہکانے سے نہ بہکیں
اور یہہ کتاب مطبع احمدی میں ۱۲۵۵ ہجری مولوی سید عبد اللہ ابن سید بہادر علی کی تصحیح سے
چھاپی گئی ہے اور اس کتاب میں اس نئے مذہب والونکو منافق لکھا ہے کیونکہ
ظاہر میں یہہ لوگ حدیث پر عمل کرنا عوام مسلمانون میں ظاہر کرتے ہیں لیکن اجماع
امت اور اتفاق اہل سنت و جماعت کو توڑتے ہیں اور ہزارون فساد ڈالتے ہیں اور
اور انکے مددگار ہر ایک جگہہ اس پانچوین مذہب کے رواج دینے میں بڑی کوشش کرتے
ہیں اور مشکات شریف کے باب الاعتصام میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے
روایت ہے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِتَّبِعُوا السَّوَادَ
الْاَعْظَمَ فَاِنَّ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ کہا حضرت ابن عمر رض نے کہ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیروی کرو بڑی جماعت مسلمانونکی یعنے اکثر علما جس
طرف ہون انکی تابعداری کرو کیونکہ جو شخص دور ہوا جماعت سے اور نکلا اجماع جمہور علما کے
تو ڈالا جاویگا جہنم کی آگ میں مشکات شریف کے باب الاعتصام میں ۲۹ صفحے پر یہہ
حدیث ہے وعن ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اِنَّ اللّٰہَ لَا یَجْمَعُ اُمَّتِی عَلٰی ضَلَالَۃٍ وَیَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ



وارث علی مفتی عدالت بادشاہی کلکتہ	محمد وجیہہ مدرس اول مدرسہ کلکتہ	بشیر الدین مدرس دوم	نور الحق مدرس سیوم	محمد مرتضی مدرس چہارم	محمد ابراہیم معاون اول
خادم حسین معاون دوم	محمد مظہر معاون سیوم	احمد حسین حکیم مدرسہ	محمد اکبر شاہ مدرس اول مدرسہ محسنیہ واقع شہر ہگلی ضلع ہوگلی	خادم حسین مدرس مدرسہ مذکور	خادم حسین مدرس مدرسہ مذکور
منصور احمد مدرس مدرسہ مذکور	سید رمضان علی مدرس مدرسہ مذکور	حافظ محمد صدیق واعظ و خلیفہ حضرت سید احمد قدس سرہ	احمد مفتی ضلع ٢٤ پرگنہ	خادم حسین مفتی ندیہ	
حسین الدین شطاری مفتی سرکوٹ	صوفی نور محمد خلیفہ حضرت ممدوح	سید عبد اللہ خلیفہ حضرت ممدوح	محمد عبد اللہ مولوی کالج	سب ملکر ستی علماؤن نے	

مہرین ہین اور اس کتاب کے دیباچے کی نقل یہہ ہے اس رسالے کا نام نظام الاسلام اس زمانے مین بعضے لوگ فقہ کے مسلونکو خلاف قرآن اور حدیث کے تصور کرکے عوام کو بہکاتے ہین اور فقہا کی بہ نسبت حقارت کے کلمات زبان پر لاتے ہین اور ایمہ اربعہ کی تقلید سے لوگونکو بد اعتقاد بناتے ہین خصوصًا امام ابو حنیفہ کی فقہ سے لوگونکو رو گردان کرتے ہین اسلیے علما دیندار اور فقہا نیک کردار نے اس رسالے مین نماز کہ رکن اعظم ہے دین کا اسکے مسایل کو قران اور حدیث سے مدلل کیا اور حنفی مذہب کی حقیقت کو ظاہر کیا اور مقلد کیتین اپنی سمجہہ کے موافق قرآن و حدیث پر

پڑھے دوسرا فساد انلوگون نے یہہ نکالا کہ قرآن شریف کا ہندی ترجمہ جاہل لوگونکو
پڑھاکر مولوی بنادیا اور انکو کہدیا کہ تفسیر قرآن عبث ہے آنحضرت کے اور صحابہ کے زمانہ مین
نتھی اب وے جاہل آیتون کے ناسخ منسوخ اور شان نزول محکم و متشابہات اور مجمل مبین سے
ناواقف رہکر جیسا جیسا اونکو سمجھ مین آیا اور عقل ناقص مین سمایا ویسا بیان اور وعظ کرنے
لگے اور دوسرے غریب مسلمانونکو بہکانے لگے اگر کوئی عالم کہتا ہے کہ یہہ آیتین
بتونکی شان مین ہین تم پیرون اور پیغمبرونکو انمین کیون شامل کرتے ہو اسے کہتے
ہین کہ تفسیر پر ہمارا کچھ اعتبار نہین تیسرا فساد ناف کے نیچے نماز مین ہاتھ باندھنے
فعل یہود کہا نعوذ باللہ منہا تب حضرت مولوی کرامت علی جونپوری جو سید احمد
صاحب کے بڑے خلیفہ ہین انلوگون کے بداعتقاد و کفر کی باتون کے رد مین ایک
کتاب بنام قوۃ الایمان تصنیف کی اور اسمین بائیس علماؤنکی صحیح مہری اور وہ
کتاب کلکتے کے مطبع قادری مین مولوی عبدالجبار صاحب کے اہتمام سے
سنہ ۱۲۵۳ ہجریہ مقدسہ مین چھاپی گئی اور ان سوال جوابونکی تفصیل اور ان لوگونکے
اعتقاد کی باتین اسمین مفصل لکھی ہین اب پہلے فساد کا جواب یہہ ہے کہ
مشکات شریف کے باب الاعتصام کے ۲۱ صفحے پر حدیث شریف مین صاف
آیا ہے علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین المھدیین یعنی

من شذ شذ فی النار یعنے کہا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک خدا تعالی نہین جمع کرتا ہے میری امت کو گمراہی پر
یعنے ہماری امت جس بات پر اتفاق کریگی وہی حق اور ثواب ہوگا خدا کا ہاتھ
جماعت پر ہے یعنے اللہ تعالی جماعت کا نگہبان اور مددگار ہے جو کوئی
جماعت سے نکلے گا اور انکے طریقے کو چھوڑیگا پڑیگا یا ڈالا جائیگا جہنم کی آگ مین
اب جاننا چاہیے کہ حرمین الشریفین کے سب عالمونکا جو اتفاق اور اجماع ہے
وہی سند اور صحیح ہے اور وہان سوا اہل سنت وجماعت کے اور بغیر چار
مصلوں کے پانچوان مذہب کبھی رواج نہین پایا اور اہل سنت وجماعت کے
مذہب کی سچائی پر اور ان وہابیون کے مذہب کے جھوٹھے ہونے پر اتنی دلیل بس ہے
کہ مکہ معظمہ سے انکو شہر بدر کیا اور خارج کردیا یہہ لوگ رسول اللہ سے منکر
ہوے اسلیے بیت اللہ سے نکالے گئے نعوذ باللہ منہا ظاہر ہووے کہ کلکتے
مین ان لوگون نے تراویح کی نماز کو منع کردیا اور کہا کہ یہہ نماز رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے ثابت نہین اور حضرت خلیفہ ثانی عمر ابن الخطاب رضی اللہ
تعالی عنہ نے اپنی خلافت کے عہد مین تراویح کی نماز کی بیس رکعتین مقرر کین
اور سب اصحابونکو یہہ نماز پڑھنے کی تاکید کی اگر کوئی پڑھے تو آٹھ یا بارہ رکعتین

ظاہری معنے اور باطنی معنے ثابت ہین اور باطنی معنے ستا درجے تک ہین
اور حضرت تاج المفسرین والمحدثین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وسی
مسایل کے رسالے مین نحو صرف اور منطق معانی کے علم کو پڑھنا فرض کفایہ لکھا تا
تفسیر کی عبارت اچھی طرح ذہن مین آوے یہان سے معلوم ہوا کہ یہہ لوگ قرآن شریف کے
بھی تابعدار نہین کیونکہ اسکا اصل مطلب تو تفسیر سے معلوم ہوتا ہے اسکے پڑھنے پر یہہ
اعتبار نہین رکھتے ہین تیسرے فساد کا جواب قوۃ الایمان کی بجنسہ ۱۲۵ صفحے کی
عبارت لکھتا ہے تیسری بھول یہہ ہے کہ جاہلون سے کہتے ہین کہ ناف کے تلے نماز مین
ہاتھہ باندہنا یہود کا فعل ہے اللہ انکو توبہ نصیب کرے سنت کو فعل یہود کہنا ایسی بات
کہنے مین جو عالم لوگ فتوی دیتے ہین سو ہمکو انکے حق مین کہنے سے شرم آتی ہے
کیونکہ آخر وہ لوگ کلمہ گو ہین اور ایسی بات بے علمی کے سبب کہتے ہین اگرچہ سب
عالم کہتے ہین کہ کفر کا کلام جہالت سے کہنے سے بھی کافر ہوتا ہے مگر ہم انکے
حق مین دعا ہی کرتے ہین کہ اللہ انکو ایسی باتون سے توبہ کی توفیق دے اب ناف کے
تلے ہاتھہ باندہنا سنت ہونے کی دلیل سنو تیسیر الاصول کے ۲۱۲ صفحے مین کتاب
الصلوۃ کے پانچوین باب مین یہہ حدیث ہے عن ابی جُحَیفۃ رضی اللہ
تعالی عنہ اَنَّ علیًّا رَضِیَ اللّٰہُ تعالی عَنہُ قالَ اَلسُّنَّۃُ وَضعُ الکَفِّ

تم کو لازم ہی کہ میرے طریقے پر عمل کرو اور میرے خلفاء الراشدین کے طریقے پر عمل کرو جو تمکو ہدایت کرنیوالے ہین پھر اہل سنت وجماعت کے نزدیک جو فعل کہ اصحابون کے زمانہ مین رواج پایا اسکو بھی سنت کرکے سمجھتے ہین اور اسی لئے تراویح بیس رکعتین پڑھتے ہین اور اسکو سنت التراویح کہتے ہین مساجد اور منابر کو زینت دینا فرش روشنی تکلف سے کرنا بھی حضرت خلیفہ ثانی کیوقت سے جاری ہوا اسی لئے اُسکو زینۃ المسجد والمنبر والمحراب حضرت امیر المومنین عمر ابن الخطاب رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہین یعنے مسجد منبر محراب کو زینت دینے والے اور اسکا بیان صحہ سراج الہدایت کے باب البدعت مین لکھا ہے یہان سے معلوم ہوا یہہ لوگ پیغمبر سے تو منکر ہوے تھے مگر اصحابون کے اجماع سے بھی منکر ہو رہے ہین دوسرے فساد کا جواب یہہ ہے کہ نبی علیہ السلام اور آپکے تمام اصحابون کے زمانے مین یہی زبان اور اصطلاح تھی جس زبان مین اللہ سبحانہ تعالی نے اپنا کلام مجید نازل کیا تب بھی اصحابون مین اکثر آیتون کے معنے سمجھنے مین اختلاف پڑتا تھا اسلئے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما جو حضرت نبی علیہ السلام کے چچیرے بھائی تھے انھون نے تفسیر لکھی اور اب تو خاص عرب لوگونکو بھی بغیر تفسیر پڑھے کے ہر ایک آیت کے معنے معلوم نہین ہوتے پھر اور ملک کے رہنے والونکو کیونکر فقط تحت اللفظی معنے پڑھنے سے کلام مجید کا مطلب معلوم ہو جایگا اور حدیث شریف مین آیا ہی کہ قرآن مجید کی ہر ایک آیت کے

عبارت مین اسی فقیر حقیر نے جمع کیا ہی اور دلایل عقلی و نقلی بتفصیل اسمین لکہکر بطریق تحفہ محمدیہ کبیر اسکا نام سراج الہدایت رکھا ہی اسلیئے یہان فقط مختصر تین مسئلون کے جواب لکھدیا تا معلوم ہووے کہ ہر ایک جا کے علماؤن نے بلکہ حضرت سید احمد صاحب کے دیندار خلفاؤن نے بھی انکو نیز کفر ثابت کیا ہی

باب تیسرا

مولوی عبد الجبار کے خط کا احوال

ظاہر ہووے کہ یہہ شخص کلکتے مین مولوی ولایت علی کے گماشتے تھے کئی طرح کے فساد وہان نکالے مگر جناب مولوی کرامت علی صاحب جونپوری جو حضرت امیر المومنین سید احمد صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے اعظم الخلفاء اور عالم باعمل ہین ظاہر کے علم کے ساتھہ اللہ سبحانہ نے انکو باطن کی بھی نعمت عطا کی ہی قوت الایمان کے خلاصے مین ۳۲۳ صفحے مین کیا اچھی باتین انصاف سے لکھی ہین جسکی عبارت بجنسہ یہان داخل ہوتی ہی اور سب دیندار مسلمان خصوصًا حضرت مولانا و مرشدنا سید احمد صاحب کے خلفا اور مریدونکو اسکا ماننا اور اسپر عمل کرنا لازم ہی اگر چشم انصاف سے دیکھین تو بالکل اپنی نفسانیت اور گمراہی چھوڑ دین اور اپنے پیرونکی تابعداری اختیار کرلین اور کبھی چار مذہبون سے منکر نہووین اور پانچوان مذہب نکالنے سے توبہ کرین اور اگر اپنے پیرونکی اور انکے خلفاؤنکی بات نمانین تو جہنم مین جاوین

فی الصلوٰۃ ویضعها تحت السرۃ اخرجه رزین روایت ہی ابی جحیفه رضی اللہ تعالیٰ عنه سے تحقیق علی رضی اللہ تعالیٰ عنه نے فرمایا سنت ہی ہاتھہ رکھنا نماز مین یعنے ہاتھونکا باندہنا نماز مین سنت ہی اور رکھنا دونون ہاتھونکو ناف کے تلے روایت کیا اُسکو رزین نے اور احمد ابو داؤد دار قطنی اور بیہقی کی روایت مین ہی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنهٗ سے کہ فرمایا اَلسُّنَّةُ وَضْعُ الْكَفِّ عَلَى الْكَفِّ تَحْتَ السُّرَّةِ یعنے سنت ہی رکھنا ہاتھہ کا دوسرے ہاتھہ پر نیچے ناف کے اور ایک روایت مین وَضْعُ الْيَمِيْنِ عَلَى الشِّمَالِ بھی آیا ہی یعنے سیدہے ہاتھہ بائین ہاتھہ کے اوپر رکھنا سنت ہی ہدایہ بحر الرائق کفایہ غنایہ نہایہ اور کافی مین بھی اس مضمونکی حدیث ہی صرف لفظ مین اختلاف ہی۔ اور بعضے مین اتفاق اور بحر الرائق مین ہی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم انه قال ثَلٰثٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ وَذَكَرَ جُمْلَتَهَا وَضْعُ الْيُمْنٰى عَلَى الشِّمَالِ تَحْتَ السُّرَّةِ یعنے تین چیزین ہین پیغمبرونکی سنت سے اور بیان کیا اُنھین سے رکھنا دہنے ہاتھہ کا بائین ہاتھہ پر نیچے ناف کے فقط اور سطرے کے تمام مسئلونکا اختلاف مع سوال جواب اور سب ہندوستان کے علماء دین کے رسالے اور فتوے حرمین الشریفین کے سب عالمونکی مہرین چالیس جزو کے قریب ہندی

دامن گیر خواہم شد بقدر وسع در اصلاح کوشند پ حیات نبی **رقعہ کا جواب**

علیہم السلام پہلے ہمنے رقعہ کا جواب سنئیے مولوی صاحب آپنے جو رقعہ لکھا اور اسکے

نیچے نام حیات نبی کا لکھا تو اسسے کیا فایدہ آخر بادر علی کو جب ہمنے قسم دیا تب

اُسنے صاف کہا کہ یہہ رقعہ بھی مولوی صاحب نے لکھا ہی اور حیات نبی کا نام بھی

انھون نے لکھا ہی تو کیا آپکو معلوم نہین ہی کہ جیسا جھوٹھہ کہنا منع ہی ویسا ہی

جھوٹھہ لکھنا بھی اسیطرح آپ لوگونکو مسئلہ بھی بتاتے ہون گے اور آپنے جو لکھا ہی

کہ یہہ سوال مشکل ہی اسکا جواب لکھنا بہت دشوار ہی ایسا نہو کہ بجا جواب کے لکھو

کہ یہہ جناب امیر المومنین سید احمد پر طعن ہی کیونکہ اسکے سوا دوسرا جواب انصاف سے

ممکن نہین سو آپسے ہم پوچھتے ہین کہ اگر آپنے یہہ سمجھا ہی کہ اس سوال کا جواب

کسی بشر سے نہو سکے گا تو ایسا سوال لکھکے مومنون کے دلمین وسواس ڈالنا کیا

ضرور تھا اور اگر اس سوال کا جواب آدمی سے ہو سکتا ہی تو پھیر یہہ لکھنا کیا ضرور تھا کہ تم

دوسرا جواب نہو سکیگا سوا اسکے کہ بجا جواب کے لکھو گے کہ یہہ جناب امیر

المومنین سید احمد پر طعن ہی اگر شاید ہم نے جواب لکھا تو پھر تم جھوٹھے ہوے اور پھیر

یہہ جو آپنے لکھا ہی کہ اگر جواب کا قصد ہو تو میرے سوال مین کمی زیادتی نہ کرنا نہین تو

قیامت مین دامن گیر ہونگا تو بھائی کمی زیادتی کیون کرینگے ہم نے پہلے سوال مین

نعوذ باللہ منہا قوت الایمان کا خاتمہ صفحہ ٣٢٣ +

جب کتاب قوت الایمان تمام ہو چکی تب مولوی عبد الجبار ابن حبیب اللہ ساکن
نیچھورہ نے فارسی زبان مین نادر علی کے ہاتھہ ایک سوال لکھہ کے بھیجا اور کہلا بھیجا
کہ اگر اس سوال کا جواب نہ لکھو گے تو ہم جو قوت الایمان کا جواب لکھین گے سمین لکھین گے
کہ ہمارا سوال کا جواب نہ لکھہ سکے تب اس خاکسار نے کہا کہ اس سوال کو انسے لکھوالاؤ
اور نیچے انکا نام بھی لکھوالاؤ تب بار آئے مولوی عبد الجبار صاحب نے اس سوال کو لکھہ
اور اسکے نیچے ایک رقعہ بھی لکھہ کے پھر نادر علی کے ہاتھہ بھیجا اور رقعہ کے نیچے
نام حیات النبی کا لکھا تب ہم نے نادر علی کو قسم دیکر پوچھا کہ سچ کہو یہہ رقعہ کسکا ہے
تب اُسنے کہا کہ عبد الجبار کا اور حیات نبی کا نام بھی اُنھون نے اپنے ہاتھہ سے
لکھا ہے سو اس رقعہ اور سوال کو بجنسہ ہم لکھہ کے اُسکا جواب ہندی لکھتے ہین
جسمین ہر خاص و عام کی سمجھہ مین آوے اور سب مسلمان لوگ سوال و جواب دیکھہ کے
انکے مذہب کا حال بخوبی دریافت کرلین **رقعہ** عبد الجبار کا یہہ ہے بعد سلام علیکم
واضح باد این سوال مشکل است نوشتن جواب خیلی دشوار چنان نشود کہ بجای
جواب بنویسند کہ این طعن است بر جناب امیر المومنین رضی اللہ عنہ سوای این جواب دیگر
از اصحاب ممکن نیست واگر قصد جواب باشد در سوال من کم و بیش ننمایند ورنہ در دیانت

اگر ہم لوگ بھی تمہارے ایسے ہوتے اب اپنے سوال کا جواب سنو بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال چون طریق اربعہ کہ عبارت از چشتیہ و نقشبندیہ و قادریہ و مجددیہ است و نعمت ہای
گوناگون این طریقہا در عالم واقع است بعض در طریقہ چشتیہ بیعت حاصل کردہ چشتیہ
میگویانند و بعض قادریہ و بعض نقشبندیہ و بعض مجددیہ و نزد جمہور اہالی این طریقہا داخل اند
بزمرہ آنہا کہ در شان آنہا انعمت علیہم است و خارج اند از زمرہ آنہا کہ در
شان آنہا غیر المغضوب علیہم ولا الضالین است واحدی قایل
نیست کہ کسی از متاخرین و متقدمین این ہمہ طریقہ را یکجا ساختہ بطور معجون مرکب
و مخلوط ساختہ گاہی بطور نقشبندیہ شغل نمودہ باشند و گاہی بطور طریقہ دیگر درین
جزو زمان جناب سید احمد صاحب کہ اہل طریقہ بودند و نام طریقہ خود محمدیہ داشتہ
بآن چار طریقہ منتظم ساختہ در پنج طریقہ بیعت میگرفتند چنانچہ در خلفای ایشان
الی الآن این طریقہ جاری است پس این ترکیب و تخلیط ہدایت است یا ضلالت
است چرا سید ممدوح و مریدانش این راہ پیمودند اگر ہدایت است در انضمام مذاہب
اربعہ کہ ہمہ قایل حق دارند نہ مہر چہ قباحت میدانند بر تقدیر قباحت حسبۃ
للہ جواب دادن این اعتراض کہ جناب امام ابو حنیفہ و امام محمد و امام ابی یوسف
و امام زفر رحمہم اللہ باوجودیکہ باخود ہا اختلافات کثیرہ دارند مخلوط و مرکب کردہ چرا ک

٣٥

کمی زیادتی کب کی ہے اپنے دلمین خود سوچو سوائے خاطر جمع رکھو کمی زیادتی
نہونے پاویگی باقی ہم یہہ پوچھتے ہین کہ اگر ہم سوال مین کمی زیادتی نہ کرین گے
اور جواب معقول دینگے تب کیا ہمارا دامن چھوڑنیکا ارادہ ہے تمکو تو مناسب تھا
کہ ہمارے دل مین سے لگے رہتے ہے کیونکہ تمنے ہم سے چند روز مشکوۃ شریف پڑھی ہے
اور جب جواب معقول پاؤگے اور دلکا شک دفع ہوگی تب تو زیادہ دامن سے لگے رہنا مناسب
لیکن بھائی ہمین تو شبہہ نہین کہ نیت تو تمھاری بخیر نہین ہے اور تمھارے سوال سے تو حضرت
پیرومرشد کے حقمین طعن ٹپکتا ہے چنانچہ ہمکو بھی معلوم ہوگیا اور تم نے پیشبندی کرکے
لکھا کہ اس سوالکو سید صاحب پر طعن جب سمجھوگے سو بھائی ہمین تو تم بڑے سچے ہو
ہمکو تو اسی سوال مین صاف طعن معلوم ہوتا ہے مگر بھائی ہم نے یہہ جو لکھا ہے کہ سوائے اسکے
کہ اس سوالکو امیرالمومنین پر طعن سے سمجھو تم دوسرا جواب ممکن نہین ہے سو اسمین تو
ہمکو خوف ہے کہ کہین تم جھوٹے نہو جاؤ کیونکہ جواب تو ہم سے ہوسکیگا انشاء اللہ
تعالی اور بھائی ہم تو تمکو سچا کرنیکے واسطے جواب نہ لکھتے مگر لاچار ہین حق چھپانا
گناہ ہے اسلیئے ہم مجبور ہوکے جواب لکھتے ہین اور اسوقت اب تمھارا پردہ ڈھنپانا مناسب
ہے کیونکہ تم نے عوام کے بہکانے مین اور ہم سب بھائیونکو آپس مین لڑوانے مین
قصور نکیا اور وہ ہندی کی مثل کہ لاؤ جلاہا جو چھین پٹھان ہم لوگو نمین پیچ ہوجاتی

ان طریقے کے لوگونکو ایسا غنیمت سمجھتا ہے اور یہہ جو لکھا ہے کہ کوئی شخص
اس بات کا قایل نہین ہے کہ کسی نے متاخرین اور متقدمین سے ان سب طریقونکو بطور
معجون مرکب کے اکھٹا کرکے اور ایک ہی مین ملا کے کدھین نقشبندیہ کے طور پر
شغل کیا ہو اور کدھین دوسرے طریقے کے طور پر اور اس زمانہ مین جناب سید احمد
صاحب کہ اہل طریقہ تھے اور اپنے طریقہ کا نام محمدیہ رکھ کے ان چارون طریقہ
مین شامل کرکے پانچ طریقہ مین بیعت لیتے تھے جیسا کہ انکے خلیفونمین اب
تک یہہ طریقہ جاری ہے سو اسکا جواب یہہ ہے کہ سایل مطلق متاخرین اور متقدمین
طریقہ سے واقف نہین ہے بلکہ باوجودیکہ مرید کرنیکا دعوی رکھتا ہے اور اگرچہ
حضرت پیر و مرشد برحق حضرت سید احمد صاحب ادام اللہ برکاتہ سے اسکو ملاقات
بھی نہین ہی اور بعضے ناواقف اسکو اس جناب کا خلیفہ بھی جانتے ہین مگر
انکے ملفوظات کو بھی جسکا نام صراط المستقیم ہے نہ دیکھا کاش دنیا کمانیکے لالچ سے
بھی اسکو دیکھا ہوتا تب اسکے آج کام آتا اور اس شک مین گرفتار نہونے پاتا افسوس تو
یہہ ہے کہ ہزارون شجرے اس جناب کے طریقہ کے گھر گھر موجود ہین کبھی اسکو
بھی نہ دیکھا جو آج وہ شجرہ بھی اسکے کام آتا خلاصہ یہہ کہ حضرت پیر و مرشد کا بطور
معجون مرکب کے ان طریقونکو ملانا ثابت نہین ہوتا یہہ البتہ ثابت ہوتا ہے کہ چارون طریقونکو

رضی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من رای

مذہب قرار داوند ونام مشن حنفیہ کروند اگر کسی مذاہب اربعہ راحق پندا شتہ ہمہ را مخلوط
کردہ مذہب محمدیہ نام نہد وگاہی فتوی بر قول امام اعظم وگاہی بر قول امام شافعی وگاہی
بر قول ائمہ آخر دہد چنانکہ فتوی گاہی بر قول امام محمد وگاہی بر قول امام ابی یوسف
وگاہی بر قول امام زفر مید ہند چہ قباحت پیدا می شود بینوا توجروا جواب حقیقت
یہہ ہے کہ سوال کرنیوالے کو مطلق علم سے بہرہ نہین ہے کسی فسادی نے بیچارے کو
دہوکا دینے کیواسطے اور حضرت سید احمد صاحب کے طریقہ سے سبکو بے اعتقاد
کرنیکے واسطے یہہ سوال عوام فریب سنا دیا ہے سو سایل بیچ میچ دہوکا کہا گیا ہے اور
اُسکے دلمین ایسی شک آگئی ہے کہ اُسنے جان لیا ہے کہ اس سوال کا جواب کسی سے نہو
سکیگا سو ہم اس سوال کا جواب لکہتے ہین ط اب جواب ہر مضمونکا بخوبی سنو
یہہ جو سایل نے لکہا ہے کہ چونکہ چارون طریقے کہ مراد ہے چشتیہ اور نقشبندیہ اور
قادریہ اور مجددیہ سے اور ان طریقونکی طرح طرح کی نعمتین عالم مین پہیلی ہین بعضے
لوگ طریقہ چشتیہ مین بیعت حاصل کرکے چشتیہ کہلاتے ہین اور بعضے
قادریہ اور بعضے نقشبندیہ اور بعضے مجددیہ اور سب لوگون کے نزدیک ان طریقون کے
لوگ داخل انکے گروہ مین کہ جنکی شان مین انعمت علیہم ہے اور خارج ہین انکے
گروہ سے کہ جنکی شان مین غیر المغضوب علیہم ولا الضالین سایل کا

باعث ہے جن متاخرین بزرگوں کا ذکر ہوا وہ سب ایسا کرتے تھے چنانچہ قول الجمیل
مین حضرت ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ ایک فصل مین مشایخ جیلانیہ یعنے قادریہ کے
اشغال کا بیان لکھتے ہین دوسری فصل مین مشایخ چشتیہ کے اشغال کا بیان لکھتے
ہین اور ان سب پر انکا عمل تھا اور یہی طرحسے حضرت مولانا محمد سمعیل محدث
دہلوی رحمۃ اللہ حضرت پیر و مرشد برحق سید احمد صراط المستقیم کے تیسرے باب مین روایت
کرتے ہین چارون طریقہ کے اشغال کو جدا جدا پہلی فصل مین طریقہ قادریہ کے اشغال کا
بیان فرماتے ہین دوسری فصل مین طریقہ چشتیہ کے اشغال کا بیان تیسری
فصل مین طریقہ نقشبندیہ کے اشغال کا اور نقشبندیہ مجددیہ چونکہ دونون کے اشغال
ایک ہین مگر کچھ اصطلاحات کا فرق ہے سو اسکو بھی چوتھی فصل مین بیان فرماتے
ہین اور یہہ جو سایل لکھتا ہے کہ کسی متاخرین و متقدمین نے ایسا نکیا کہ سب
طریقون کو بطور معجون مرکب کے ملاکے کبھی بطور نقشبندیہ کے شغل کیا ہو اور کبھی
بطور دوسرے طریقہ کے اور سید صاحب نے ایسا کیا سو سید صاحب کا طریقہ جو مذکور ہوا
انھمین معجون مرکب کی صورت نہوئی معجون مرکب کی صورت تو تب ہوتی جب ایک ہی
شغل مین دونو یا چارون طریقون کے شغل اکٹھا کرتے اور ایسا حضرت
پیر و مرشد برحق کا شغل کرنا ثابت نہین ہوتا جیسا کہ صراط المستقیم مین موجود ہے

نعمت بیعت اور اجازت کی انکو اپنے مرشد حضرت مولانا شاہ عبد العزیز قدس اللہ
سرہ العزیز سے حاصل ہی جیسا کہ حضرت پیر و مرشد کے شجرہ سے صاف ظاہر ہی
اسیکو اگر معجون مرکب سمجھو تو متاخرین مین حضرت شاہ عبد العزیز اور انکے اُستاد
اور مرشد اور باپ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور اُنکے باپ اور مرشد شیخ
عبد الرحیم رحمہم اللہ نے بھی مرکب کیا ہی اسیطرح جسنے کہ شیخ عبد الرحیم نے چشتیہ طریقہ
اپنے مرشد اور نانا شیخ رفیع الدین سے حاصل کیا اور قادریہ اور نقشبندیہ اور مجددیہ طریقہ
سید عبد اللہ اکبر آبادی سے حاصل کیا پھر اُنسے چارون طریقے اکٹھا شاہ ولی اللہ
محدث کو حاصل ہوے اور اُنسے شاہ عبد العزیز محدث کو اور اُنسے حضرت پیر و مرشد سید احمد کو
اور متقدمین مین جو طریقہ حضرت محی الدین عبد القادر جیلانی کو پہنچا وہ طریقہ حضرت امام
جعفر صادق نے حضرت امام محمد باقر سے حاصل کیا اور جو طریقہ حضرت بہاؤ الدین نقشبند کو پہنچا
وہ طریقہ حضرت امام جعفر صادق نے قاسم ابن محمد سے حاصل کیا پھر اگر دو چار طریقہ مین ایک
شخص کا بیعت کرنا اُسیکو معجون مرکب سمجھا ہی تو متاخرین متقدمین سب سے یہہ فعل سرزد
ہوا ہی اب کیا کہین آملکے کتنے ہین بے ادب بے نصیب با ادب با نصیب باقی یہہ جو لکھا
ہی کہ یہہ بات کوئی نہین کہتا ہی کہ کسی متاخرین اور متقدمین نے سب طریقونکو بطور معجون مرکب کے
ملاکے کبھی بطور نقشبندیہ کے شغل کیا ہو اور کبھی دوسرے طریقون کے طور پر سو یہہ بھی جہالت کا

مشہور ہوا یعنے قادریہ کہلایا اور خواجہ بہاوالدین کی نسبت نقشبند کی طرف
تھی اسیواسطے انکا طریقہ نقشبندیہ کہلایا بہاوالدینیہ نہ کہلایا اور حضرت خواجہ
معین الدین چشتی کی نسبت چشت کیطرف تھی اسیواسطے اُنکا طریقہ چشتیہ
کہلایا معین الدینیہ نہ کہلایا اسیطرح سے حضرت پیر و مرشد کی نسبت محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف تھی کہ قدم بقدم آنحضرت کے تھے
اسیواسطے انکا طریقہ محمدیہ کہلایا احمدیہ نہ کہلایا اور باقی اس راہ سے کہ سب
طریقوں کی نسبت آخر کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی ہے حقیقت
مین سب طریقے محمدیہ ہین مگر یہہ نسبت کرنا فقط پہچان کے واسطے ہے
جیسا کہ قریشی ہاشمی مکی مدنی حنفی شافعی مالکی حنبلی جیسا کہ اسکا ذکر اوپر
ہو چکا اور یہہ جو لکھا کہ پھر ان طریقوں کا ملانا اور ترکیب دینا ہدایت ہے
یا گمراہی اگر گمراہی ہے تو سید ممدوح اور اُنکے مریدون نے کسواسطے یہہ راہ اختیار کی
سو اسکا جواب یہہ ہے کہ طریقہ ملانا کیسا ہے خدا جانے تم کیا خلط ملط کر رہے ہو
اگر مزاج شریف مین کچھ جنون کا سا فساد آگیا ہو تو آخر طبابت بھی تو رکھتے
ہو کچھ تنقیہ کر ڈالو آگے شفا دینا اللہ تعالی کے ہاتھ ہے باقی پیر و مرشد کے
طریقہ کا جو مذکور ہوا ہے اس صورت مین تو انکے طریقہ مین سراسر ہدایت ہے

دیکھہ لو بلکہ اُسمین تو ہر طریقہ کے شغل کو اول سے آخر تک جدا جدا بیان فرمایا ہے
حق تو یہہ ہے کہ **بیت** چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد ٭ میلش اندر طعنہ
پاکان برد ٭ اور تماشا تو یہہ ہے کہ آپ ہی سایل لکھتا ہے کہ حضرت سید احمد صاحب
اپنے طریقہ کا نام محمدیہ رکھہ کے ان چارون طریقہ مین شامل کرکے پانچون
طریقومین بیعت کرتے تھے سچ ہے دروغ گو را حافظہ نباشد کیونکہ اسکے
لکھنے سے تو خود معلوم ہوتا ہے کہ چارون طریقون کو حضرت پیرومرشد نے
اپنے حال پر جدا رکھا اور پانچوان طریقہ اپنا جدا نکال کے اُنکے شامل کیا جیسا کہ
انکے شجرہ مین بھی پانچوان طریقہ کے نام جدا جدا مذکور ہین اسطرحپر چشتیہ
اور قادریہ اور نقشبندیہ اور مجددیہ اور محمدیہ تو طریقونکا ملانا کہان ہوا اور
حضرت پیرومرشد بیعت لیتے وقت بھی اپنے مریدون سے یون کہلاتے تھے
کہ بیعت کیا مینے بیچ طریقہ چشتیہ اور قادریہ اور نقشبندیہ اور مجددیہ اور
محمدیہ کے اوپر ہاتھہ فقیر سید احمد کے اللہ توفیق کرا اور نعمتین ان طریقونکی ہمارے
نصیب کر ہزارون مرید اس جناب کے موجود ہین شک ہو تو پوچھہ لو باقی حضرت
پیرومرشد کے طریقہ کا نام محمدی ہونیکی یہہ وجہ ہے کہ جسطرح سے حضرت غوث
الاعظم کا نام عبد القادر ہے تو جس نام کیطرح سے اُنکی نسبت تھی اسی نام انکا طریقہ

کبھی دوسرے اماموں کے قول پر فتوی دے جیسا کہ کبھی امام محمد کے قول پر اور کبھی امام
ابی یوسف کے قول پر اور کبھی امام زفر کے قول پر فتوی دیتے ہین تو کیا قباحت
پیدا ہوتی ہے سو اسکا جواب تو چوتھے سوال کے جواب مین گذر چکا مگر پھر بھی
ہم لکھتے ہین ایمان کے کان سے سنو کہ امام محمد اور ابو یوسف اور زفر رحمہم اللہ کا مذہب
حنفی تھا ان لوگوں کا کوئی مذہب جدا نہ تھا وہ لوگ مجتہد فی المذہب کہلاتے ہین یعنے
ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کے مذہب مین مجتہد تھے نہ یہ کہ ان کا کوئی دوسرا مذہب علیحدہ تھا
تو حقیقت مین ابو حنیفہ اور محمد اور ابو یوسف اور زفر رحمہم اللہ کا مذہب ایک تھا چار
کہاں سے سمجھا جو ملانا کہا خلاف امام ابو حنیفہ اور امام شافعی اور امام مالک اور امام
احمد حنبل کے کہ یہ لوگ مجتہد مطلق اور صاحب مذہب تھے اسواسطے چاروں اماموں کے
مذہب کو ایک مین ملانے سے سواد اعظم نے منع کیا ہے مگر تین وجہ سے جیسا کہ شاہ
عبد العزیز رحمۃ اللہ کے فتوی سے اوپر بخوبی لکھ چکے کہ انھوں نے بغیر تینوں وجہ کے
دوسرے امام کے مذہب پر عمل کرنیکو حرام لکھا ہے اور ایسا ہی شرح سفر السعادت
مین بھی لکھا ہے باقی رہا مجتہد مطلق یعنے مجتہد فی الشرع اور مجتہد فی المذہب کا
فرق حضرت شاہ ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ نے عقد الجید کی دو فصلوں مین اور
قرۃ الانظار کے اوایل مین بخوبی لکھا ہے جو چاہے سو دیکھ لے مگر فایدہ

انکے طریقے کو ہنسی یا کسی طرحسے گمراہ کہنے تو وہ خود گمراہ ہے اور یہہ جو لکھا ہے
کہ چارون طریقہ کا ملانا اگر ہدایت ہے تو چارون مذہب کے ملانے مین کہ سب کوئی قایل حق
دایر کے ہین نہ منحصر کے یعنے سب کوئی اس بات کے قایل ہین کہ حق چارون مذہب مین
دایر ہے چارون مین سے کسی ایک ہی مین منحصر نہین ہے کہ فلانے ہی مذہب مین حق ہی
اسکے سوا دوسرے مین نہین کیا قباحت ہے سو اسکا جواب یہہ ہے کہ اگر تمھاری
یہہ غرض ہے کہ چارون طریقہ کو ملایا تب چارون مذہب کے ملانے مین کیا قباحت ہے سو
طریقہ کا ملانا ثابت نہوا اب انے سوال بموجب یعنے جب شرط جاتی رہی تب جسکام کی
شرط کیا تھا وہ کام بھی جاتا رہا اذفات الشرط فات المشروط پرّھہ پرّھہ کے
رو یا کریئے چار مذہب کے ملانے مین قباحت سمجھو کیونکہ چارون مذہب کے ملانے مین سواد
اعظم کا خلاف کرنا ہے اور پھر یہہ جو لکھا ہے کہ جسکی تقدیر مین چارون مذہب کے ملانے مین قباحت
ہے تو اللہ کی رضامندی کیواسطے اس اعتراض کا جواب دینا ضرور ہے کہ جناب امام ابو حنیفہ
اور امام محمد اور امام ابی یوسف اور امام زفر رحمہم اللہ نے باوجودیکہ آپس مین بہت
لقي الله سالما فقد علم من هذا انه لا يجوز لاحد ان يحرز عن اتباع

به سداد اثنا مفاتی مكة المشرفة وعلماء ها حق فی هذه الفتوی
وانا علی مذهب الامام الجليل الاعظم ابی حنيفة رحمة الله تعالی
كتبه فقير عبد الحليم ابن مولوی انس مرحوم عفی الله عنه
بيّن بهن ما افتی به سداد اثنا مفاتی مكة المشرفة وعلماء ها حق فی
هذه الفتوی وانا علی مذهب الامام الاعظم ابی حنيفة رحمة
الله تعالی كتبه محمد افضل ابن محمد فضل اين مسئله مثبته مواهير مفتيان
ائمه اربعه وعلماء مكه معظمه در سنه ۱۲۵۵ هجری قدسی صلعم جهت اسكات بسياری
از مردم كم علم وكج فهم جويندگان وسيله نجات كه باغوای بعضی از مردمان
كم علم ونفسانی ترك تقليد در ورطهٔ هلاك افتاده بودند مرتب ومكمل شد چنانچه
اكثری از اهل هند كه خود را محمدی نام نهاده بودند بدريافت آنكه فی الحقيقت
حنفی وشافعی وتبعه ديگر از ائمه مذكورين محمدی هستند رجوع از قول خود ها كردند فقط
حرره آثم محمد صاحب علی اعظم گدهی عفا عنه الكريم (محمد علی صاحب) ترجمه
سب تعريف الله كو ثابت هے اے پروردگار همارا علم بڑها اے سوال
كرنيوالے تو بوجه الله تعالی همكو اور تجهكو صواب كے طرف پهنچاوے اور قرآن
وحديث كی تابعداری كرنے كی توفيق ديوے كه تحقيق ان لوگونكی

او خلط فروع مذهب غيره مع فروع المذهب المنسوب اليه بلا ضرورة
فذاك جاهل عن الاحاديث الصحيحة والفرقان لان في بعض
الصور المذكورة في سوال يكون العمل باطلا وفي بعضها مكروه
وكذا حكم ساير فروعاته ولا شك ان هذا من اغواء الشيطان و
من اتبع هولاء المضلين كان في الخسران فواجب على الحكام ايدهم الله
بامور الاسلام تاديب الزاعمين على مضمون السوال بما يقتضيه
رائه السليم على قدر رتبتهم مع ملاحظة الامر القبيح والاضلال الشنيع
الذي صدر منهم في اغواء المسلمين عن الصراط المستقيم وصلى الله على
سيدنا محمد واله وصحبه وسلم امر بتحريره هذا العبادة محمد بن الشيخ
يحيا مفتي الحنابلة بمكة المشرفة

محمد ابن يحيا مفتي الحنابل

جواب سادتنا مفاتي مكة المشرفة وعلماءها عن السوال
المذكور حق وانا مقلد ابي حنيفة رض محمد مراد ابن لطف علي
مفتی یہاں شہر کلکتے کی بزرگی المتین ما افتى به سادتنا مفاتي مكه المشرفة
وعلماءها حق في هذه الفتوى وانا على مذهب الامام الاعظم ابي
حنيفة رحمة الله تعالى كتبه عبد الله اللاهوري الحنفي ما افتى

یعنے تابعداری کرو تم خدا کی اور تابعداری کرو تم رسول کی اور تم مین
صاحب امر ہون انکی یعنے صاحب امر خواہ عالم ہو خواہ امیر مسلمین ہو دونون برابر
ہین اب مسلمانون کے امیر خدا انکو توفیق دیوے اور انکا ثواب دو گنا کرتا رہے ایسا واجب ہے
کہ جب یہہ گمراہ کرنیوالے لوگ ظاہر ہو جاوین تو ان لوگونکو گمراہی سے منع کرین اور
اچھے طریقے پر انکو پھراوین اور جو تعزیرات جیسے لایق ہے سو انکو دیوین تا
وے اپنے قول وفعل سے باز آوین اور انمین اللہ تعالی کی درگاہ سے
بڑے ثواب کی امید ہے اور وہی سبحانہ تعالی اچھے رستے کی طرف ہدایت
کرے وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيلُ یہہ جواب عبد اللہ بن محمد المرحوم مکہ
معظمہ کے حنفی مفتی نے لکھا ہے [عبد اللہ] سب تعریف اللہ تعالی کو
ثابت ہے اور درود وسلام اسکے رسول پر اور انکے آل اصحاب پر ہے خدا ہدایت
کرنیکی طرف اس جواب مین جو لکھا گیا سو بہت اچھا اور اہل سنت و
جماعت کے مذہب کے موافق ہے اور جو کوئی اسکے خلاف کہے وہ خود گمراہ
دوسرونکو گمراہ کرنیوالا جاہل اور دشمن دین ہے حاکم کو لازم ہے کہ جو
تعزیرات جیسے لایق ہے سو انکو کرے اور حاکم کو اسمین بڑا ثواب ہے
واللہ اعلم یہہ جواب محمد بن ابی بکر الرئیس مکہ معظمہ کے [محمد عمر بن ابی بکر الرئیس]

باتین جو گمراہی کے طرف راہ چلتے ہین اور دوسرونکو ہدایت کے طریق
چھڑا کر بہکاتے ہین اور جو ائمہ دین کہ امت کے ہدایت کرنیوالے تھے سو
ائمین ہر ایک کی تقلید سے چھڑا کر اپنی تابعداری کے طرف بلاتے ہین سو انکا
کام بالکل منکر اور باطل ہے انکی طرف ہرگز التفات نکیا چاہیے پھر انکی بات پر
اعتماد کرنا تو دور ہے سب فقہا اور محدثین اور اہل اصول کے قول کے موافق
جسکو بالکل اجتہاد کی مطلق لیاقت نہین ہے سو اسکو یون لازم ہے کہ
ان چار اماموں مین سے ایک کی تقلید اور پیروی اختیار کرے اور اسکے
سوا اور کسی کی پیروی نکرے کس لیئے کہ انکا مذہب متواتر چلا آتا ہے اور
اسکی اصل دلیل یہہ ہے اللہ تعالی فرماتا ہے فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ
كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنے سوال کرو تم دیندار علماؤن سے اگر تم نہین جانتے اور فرماتا ہے
اللہ تعالی فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي
الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ
یعنے پھر کیون نہ نکلے ہر فرقے مین سے ایک حصہ تا سمجھہ پیدا کرین دین مین
اور خبر پہنچاوین اپنی قوم کو جب پھر آوین انکی طرف شاید وے بچتے رہین اور
فرماتا ہے اللہ تعالی اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ

اپنے مذہبون کے اصول اور فروعات کے احکام متواتر ایک کے بعد ایک
لکھتے اور کتابونمین داخل کرتے چلے آئے تا مقلدونکو کچھہ تکلیف ہو کیونکہ مذہب
والے کی موت سے کچھہ مذہب تو مرتا نہین ہے اور اصل اس بات مین اللہ تعالی کا
فرمان ہے فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنے سوال کرو تم
دیندار و عالمون سے اگر تم نہین جانتے ہو اور فرمایا رسول علیہ السلام نے کہ جسنے
جو عالم کی تقلید اور پیروی کرے سو اللہ سے با ایمان ملیگا یہان سے معلوم ہوا
کہ ان چارون امامونمین سے کسی ایک کی بھی تقلید کیا اور اجماع امت کہ جو آج
تک اتفاق سے چلا آیا اسکو توڑنا ہرگز جایز نہین اور خود قرآن و حدیث پر
عمل کرنیکا دعوا کرنا یہہ بھی درست نہین اسلئے کہ ناسخ اور منسوخ آیت اور
حدیث پہچاننے اور کتاب و سنت کے اصول کے احکام جاننے کی جو علمیت
او معرفت ان چارون امامونکو تھی سو کسی کو نہین ہے اب ان ائمہ دین اور
تحقیق والونکی پیروی کرنے کی نیک توفیق ہم اللہ تعالی سے مانگتے ہین آمین
الحمد للہ رب العالمین عالم کو لازم ہے کہ ان مبتدع اور چارون مذہب سے
خارج نکلے ہوئے لوگونکو ایسی گمراہی اور بدعت سے منع کرے اور چارون
امامون مین سے کسی ایک کی تقلید کرنے کیواسطے انکو تاکید فرماوے اگر یہہ حکم

لما تصف السنتکم الکذب هذا حلال وهذا حرام لتفتروا علی اللہ الکذب ان الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون متاع قلیل

واهل الصبی ای صاح عند الولادة

شافعی مفتی نے لکھا ہے سب تعریف پروردگار عالم کو ثابت اور درود و سلام
اولین و آخرین کے سردار محمد علیہ السلام پر اور انکے سب آل و اصحاب پر اس
سوال جواب کا بیان یون ہے کہ ہر ایک مکلف عاقل بالغ پر واجب ہے
کہ ان چار امامون مین سے کسی ایک کی تقلید اختیار کرے اور یون اعتقاد
رکھے کہ یہ ایک انمین سے حق اور صواب پر ہے اور انکے سوا کسی
غیر کی تقلید کرنا جایز نہین اگرچہ بڑے اصحابی ہون کس واسطے کہ انکا مذہب
کتابون مین لکھا نہین گیا اور اکٹھا نہین ہوا اور کسیکو جایز نہین کہ اپنی عقل
اور اجتہاد سے دینا مذہب بنا لے اور تسپر قرآن اور حدیث کی پیروی کا دعوی کرے
کس لئے کہ حضرت امام ابی حنیفہ اور حضرت امام مالک اور حضرت امام شافعی اور
حضرت امام احمد حنبل کے مذہبونکی تابعداری اور تقلید کرنے پر سب اہل سنت
وجماعت کا اجماع اور اتفاق ہو چکا ہے پھر اجماع ہونیکے بعد کسی غیر کی
تقلید کرنا جایز نہین کیونکہ اسکا مذہب مدون اور منضبط نہین ہوا اور ان
امامون نے علم کے رو سے اکثر بلکہ سب اصحابون کے اقوالون کو جمع کیا اور انکے
مذہب کے قاعدے اصول اور فقہ کی کتابون مین لکھے گئے چنانچہ بہت بزرگ
انکے تابعدار ہوگئے ہین اُنھون نے ان مذہبونکی کما حقہ خدمت کی اسطور سے کہ اپنے

یون لازم ہے کہ سوال کے مسئلے کے موافق ان لوگونکو خوب تنبیہ اور تادیب کرے اور مسلمانون کو سیدھی راہ سے پھرانے اور قباحت اور گمراہی کے کام کرنیکے لایق اور ان لوگون کے بدفعل کے موافق جیسی سزا حاکم کی عقل مین اُنکے واسطے آوے ویسی سزا اُنکو دیوے وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وسلم


یہہ جواب محمد ابن شیخ یحیی مکہ معظمہ کے حنبلی مفتی کے فرمانے سے لکھا گیا

محمد ابن یحیا مفتی الحنابل

مکہ معظمہ کے مفتی اور بزرگ علماونکا جواب سوال مذکور کے جواب حق ہے اور مین ابوحنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کا مقلد ہون محمد مراد ابن لطف علی یہہ شہر کلکتے کی بڑی عدالت کے مفتی ہین جو مکہ معظمہ اور وہان کے بزرگ علماونے فتوا لکھا سو حق ہے اور مین امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کے مذہب پر ہون کتبہ عبداللہ اللاہوری الحنفی جو مکہ مشرفہ اور وہان کے بزرگ علماونے اس فتوے مین لکھا سو حق ہے اور مین حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالی کے مذہب پر ہون کتبہ فقیر عبدالحلیم ابن مولوی انس مرحوم عفا اللہ عنہ یہہ بمبئی مین رہتے ہین جو مکہ مشرفہ اور وہان کے بزرگ علماونے اس فتوے مین لکھا سو حق ہے اور مین امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب پر ہون کتبہ محمد فضل ابن فضل اور جانا چاہیے کہ حضرت مولوی محمد عابد سندھی رحمہ اللہ

وما اهل به لغير الله ... واخرج ابن ابي حاتم عن ابي العالية ... وما اهل به لغير الله

تمانین تو اچھی طرح سے انکے لائق انکو ادب دیوے تا اللہ تعالی حاکم مسلمین کا
ثواب زیادہ بڑہاوے واللہ اعلم - یہہ جواب محمد المرزوقی مکہ معظمہ کے
مالکی مفتی نے لکھا ہے **محمد المرزوقی** سب تعریف سزاوار ہے اللہ تعالی کو
جسنے چارون اماموں کی تابعداری کو حق کیا کہ جنکی بزرگی اور شامنین حضرت رسول
خدا علیہ الصلواۃ والسلام سے بہت صحیح حدیثون ثابت ہین اور جسنے انکی مخالفت کی
مبتدع اور گمراہ ہو نمین سے ہوا جو جواب کہ تینون فاضل مفتیون نے لکھا ہے سو
بہت درست ہے کیونکہ ان چارون اماموں مین سے ایک کی تقلید جو سب اصول و
فروع مین فقہ کے موافق بہا لایا تو اسنے تمام قرآن اور حدیث پر عمل کیا کبھی
اسنے خارج نہین ہوا اور جسنے اپنے مذہب مین دوسرے مذہب کی باتین
اعمال و اقوال مین شامل کین یا بے ضرورت ایک مذہب کو دوسرے سے
خلط کرے انکی تقلید سے باہر نکل گیا وہ قرآن اور حدیث سے بالکل جاہل رہا
اسلئے کہ سوال کے [illegible] بعضے صورتو نمین اسکا عمل باطل ہوا اور بعضے صورتو
مین گو وہ [illegible] حکم اسکے فوہات کا بھی سمجھا جاوے اور بیشک ایسا
شخص شیطان [illegible] غلاتے [illegible] ایسے گمراہ کرنیوالونکا تابعدار
ہوا وہ بھی خسران مین گر اب حاکم امور اسلام کو خدا اسکی ذات سے اسلام کی تائید کرے



غور کرکے نکالے تو مقرر ثواب پاویگا اگر ٹھیک مسئلہ ہے تو دو ثواب ہیں
اور اگر چوک ہے اسمین تو ایک ثواب ہے بشرطیکہ اجتہاد کی لیاقت رکھتا ہو
اجتہاد کی شرطین علم فقہ مین مذکور ہین اجتہاد کرنا ہر عالم کا کام نہین ہے کیونکہ
بہت علم اور فہم چاہیے اسواسطے اہل سنت وجماعت مین چار مجتہد اماموں کے
مذہب مقرر ہوگئے انکے بعد سے آجتک کسیکو علم وفہم حاصل نہین ہوا علاوہ
اسکے انکا زمانہ حضرت کے زمانے سے بہت قریب تھا جو حضرت کے وقت کی
رسم وعادت اور اسوقت کی بول چال کا طریق وہ لوگ سمجھتے تھے اب
وقت کے عالمونکو سمجھنا نہایت مشکل ہے انتہی اور مولوی ولایت علی
عظیم آبادی نے جو خلیفہ سید احمد صاحب کا تھا عمل بالحدیث کے رسالہ مین
لکھا ہے کہ تقلید ائمہ اربعہ کی کرنا بدعت اور باطل ہے خدا ان لوگونکو ہدایت دیوے

باب ساتوان

معمورہ بمبئی مین ان لوگون نے جو فتنہ کیا اسکے بیان مین

پوشیدہ نرہے کہ پچیس برس ہوئے کہ حضرت سید احمد صاحب بریلوی جنکو امام
ہمام اور امیر المومنین کہتے تھے اور حضرت سید لال شاہ صاحب کے پوتے ہین
اور ایک قول مین حضرت شاہ حسین کے جد ہا انکے اجداد مین سے ہین حج ادا کرکے

٩٥

علیہ سے بھی اسی مضمون کا جواب ۰ بیہ شریف مین لکھا ہے چنانچہ اسکی
عبارت دراز تھی اس لئے درج نہین کیا مگر سراج الہدایت مین موجود ہے
معلوم ہووے کہ مولوی خرم علی بلہوری نے تحفۃ الاخیار ترجمہ مشارق الانوار
مین جو عبد الملک ولد مولوی محمد صادق کے چھاپے خانے مین معمورہ بمبئی مین
چھاپا گیا ۳۰۰ صفحے مین لکھا ہے **ف** جیسا حضرت کے اصحاب
حدیث سے دو مطلب سمجھے بعضون نے ظاہر حدیث پر عمل کیا اور بعضون نے
قیاس کیا اور سبب نکالا ویسے مجتہد لوگ بعضی جگہہ قران اور حدیث کے
کئی طرح مطلب سمجھتے ہین اور سب حق پر ہین اسیواسطے اہل سنت جماعت
چارون اماموں کے مذہب کو حق جانتے ہین اور یہہ جو بعضے ناواقف
کہتے ہین کہ کیون ایک دین محمدی مین اختلاف پڑا اور چار مذہب ہوے
اس حدیث صحیح سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ نادان ہین ایسے اختلاف
مین کچھ حرج نہین حضرت کے روبرو ایسا اختلاف حضرت کے اصحاب مین
ہوا اور حضرت نے جایز رکھا انتہی اور دوسرے مقام مین اسی کتاب کے
۷۳۴ صفحے مین لکھا ہے کہ اسی طرح جو عالم مجتہد وہ مسئلہ جو قران اور
حدیث اور اجماع امت مین صاف مذکور نہو اسکو اپنے قیاس سے قران وحدیث مین



آخر بلوائے عام ہوا حضرت مولوی عصام الدین صاحب اور حضرت مولوی
روح اللہ صاحب اور حضرت مولوی محمد صالح بخاری صاحب رحمہم اللہ کی سعی اور
کوشش سے یہہ فساد مٹ گیا اور ولایت علی یہان سے شباشب بھاگ گیا چنانچہ
یہان کے کسی رئیس نے وزد گریخت اس لفظ مین اسکی تاریخ نکالی ہے بعد ازان
۱۲۴۵
کلکتے اور بنارس سے ان لوگون کے نایب یہان آنے جانے لگے بلکہ اکثر ہجرت
کرکے ہندوستان کو چھوڑ کر حرمین الشریفین کیطرف چلے لیکن یہانکے دیندار رئیسو
ہمت اور ایمانداری کے باعث بعض بنگالی اور سندھی لوگون کے سوا کوئی ظاہر
بگڑنے نپایا اور آج تک مولود الشریف کی نیاز اور مجلس وغیرہ فاتحہ اور ایصال ثواب کا
کام جاری رہا آخر شوال کی انیسوین تاریخ سنہ ۱۲۶۴ ہجریہ مقدسہ مین مولوی
سلیمان نے ایک فساد شروع کیا اور مانڈی والی مسجد مین وعظ کے درمیان کئی
باتین نبی علیہ السلام کی اہانت کی کہین پھر یہان کے رئیس دیندارون کے پاس
اسکی فریاد پہنچی انھون نے مولوی مذکور کو اور اسکے بعضے مددگارونکو خوب دھمکایا تا اسکا
وعظ کہنا موقوف ہوگیا پھر وہ حرمین الشریفین کو گیا اور اس آخری بلوے مین
وہان سے بھی بھاگ نکلا ذیقعدہ کی پانچوین تاریخ سنہ ۱۲۶۴ ہجریہ مین ایک شخص
دیندار کا خط اُس مقدمے کا مجمع الاخبار مین چھاپا گیا ہے اسکی بجنسہ نقل مع ترجمہ

اسی عمورہ بمبئی مین تشریف لائے تھے ابتدا مین یہہ بزرگ ٹونک کے نواب صاحب کے
یہان سوارون مین نوکر تھے جب رُشد پیدا ہوا حضرت افضل المتاخرین سلطان
المحدثین والمفسرین مولانا شاہ عبد العزیز صاحب کے مرید ہوے اور چار سلسلو مین
اجازت خلافت لئے اُنکی برکت سے بہت لوگون نے بیعت توبہ و انابت کی
نعمت پائی اور یہان بھی بہت لوگ اُنکے سلسلے کے فیض سے سرفراز ہوے
بعد اسکے سنہ ۱۲۴۵ ہجریہ مقدسہ مین مولوی ولایت علی عظیم آبادی خلیفہ سید
احمد صاحب کا یہان آیا اور نئی بدعتین برپا کین یہان کے رئیس و زمیندار مسلمان
لوگ ہمیشہ مولود شریف کی مجلس کرتے ہین خصوص ربیع الاول کے مہینے میں
ہر ایک رئیس کے یہان نیاز کے کھانے پکتے ہین ہزارون آدمی فیض
پاتے بلکہ شادی غمی مین بھی مولود الشریف کی مجلس ہوتی ہے نعت کے
قصیدے پڑھے جاتے ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ کی کمال محبت سے جو ایمان کا
شعبہ بلکہ عین ایمان ہے سلام کیوقت سب مجلس کے آدمی تعظیما کھڑے
ہوتے ہین اور دست بستہ ہو کر ادب سے درود و سلام پڑھتے ہین اور مولانا شاہ
عبد العزیز صاحب مولود الشریف کی مجلس ہمیشہ دہلی مین بڑی دھوم سے کیا کرتے تھے
یہہ بات مشہور تھی مگر مولوی ولایت علی مذکور نے ان کامونکو برا کہنا شروع کیا

اینکه شخصی بنام سلیمان که از تفسیر و حدیث جز ترجمه هندی هیچ نمیداند و در قصبه اسلام
آباد عرف بهیری تعلیم معقول یافته در بنجا بمسجد مولوی صاحب موصوف وارد شده است
و این کس یکی از زائرین بتخانه گهار اپور است از چند هفته بهر جمعه قریب محله مخلص
در مسجد ها ندگو واله بترغیب بعضی اخوان الشیاطین بر منبر وعظ سوار میشده و کلمات
ناشایسته که طریقه مرعیه این فرقه وهابیه و معتزله خذلهم الله جمیعا است در شان حضرت
شافع یوم الدین خاتم المرسلین علیه السلام بر زبان خود میراند که تا سن چهل سالگی
جاهل مطلق بودند و از کرامات القاب صدیق و امین و الهام و القا و رویای صادقه
که قبل از بعثت باآنحضرت بود انکار میدارد و طعام نیاز بزرگان و ائمه دین و
فاتحه اموات و تکلیف لباس عیدین و کرایه زمین و عمارات را حرام میگوید و اصرار تمام
دارد که هر کس عزم بحث و تکرار داشته باشد بروز جمعه پیش من بیاید لهذا عرض
میشود که کسی از علمای دیندار از برای رفع این فساد نایب جناب حسبة لله و تا آنکه
در آن مسجد آمده بجواب شافی آن معتد اثیم را از عذاب الیم جهیم و مردم عوام از ضلالت
و اغوای آن رجیم لئیم وارهاند که عند الله ماجور و عند الناس مشکور خواهد شد و اگر
این مردم معتزله متوغلین از ین هر سه امر مسطوره که خلاف شریعت غرا توبه و استغفار
اظهار نکنند و در تحریک آتش فساد بین المسلمین همچنان ساعی باشند البته

۹۹

ہندی یہ نیچے لکھی جاتی ہے **خط عبرت انگیز** سیادت ونجابت آثار

فضیلت وبلاغت شعار بانی مجمع الاخبار سلامت بعداز سلام ونیازمندیہا معروض

خدمت عالیدرجت باد کہ این چند سطور در اخبار خود درج فرمایند و بر جمیع اہل اسلام

عموماً و برین مخلص خصوصاً منتہا نہند کہ رعایت وچشم پوشی از چنین کارہا موجب تخریب

بنیاد دین است ع ترحم بر پلنگ تیز دندان ستمکاری بود برگوسفندان

واضح باد کہ بروز پنجشنبہ جمیع مولویان مسجد مولوی عبدالحلیم صاحب برای زیارت تجہ

گہارا پوری تشریف بردند و بطہارت کامل دران تبکدہ نجس داخل شدند

امتناع این گروہ والاشکوہ برای زیارت قبور اولیا باللہ نعوذ باللہ ترک شرک

بدعت بمردم عوام چہ تاثیر خواہد بخشید ع چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

دیگر انکہ بر دوکان بقالی ہندو چند اوراق قرآن مجید کہ مولوی صاحب مذکور طبع

کردہ اند دیدم کہ اوراق را بدست نجس خود پارہ میکرد و از جنس فروشی چیزی رطب


و یابس در آنہا ان پوری بستہ بہنود میداد پرسیدم کہ این اوراق از کجا اوردی

گفت کہ مردم مطبع مولوی عبدالحلیم بمن فروختہ است بر مسلمانی و مولویت این

گروہ تاسف بسیار خوردم و بحکم قہر درویش بجان درویش خاموش ماندم وآن اوراق

مصحف شریف را بقیمت مضاعف ازان ہندو خریدہ پیش خود موجود دارم سیوم

دوسرا یہہ کہ جو مولوی عبد الحلیم نے قرآن چھاپا تھا اسکے ورق مین ایک ہندو
بقال کی دوکان مین دیکھے کہ اپنے نجس ہاتھ سے اسکو پھاڑتا تھا اور ردی کی
مانند اسمین کچھ سوکھی گیلی جنس باندھکر ہندوونکو دیتا تھا مین نے پوچھا کہ یہہ ورق
کہان سے آیا بولا کہ مولوی عبد الحلیم کے چھاپے خانے کے لوگ مجھے بیچ گئے
ہین ان لوگون کی مسلمانی اور مولوی صاحب کے پیر مین نے بہت افسوس کیا لیکن
پھر درویشی نے بجان درویش کیا چپ رہا اور ان کلام شریف کے ورقونکو دوگنی
قیمت دیکر اس ہندو کے پاس سے خرید لیا چنانچہ وہ ورق ابھی موجود ہین تیسرا
یہہ کہ ایک شخص سلیمان نام کہ بغیر ترجمہ کے سوا تفسیر و حدیث سے
کچھ نہین جانتا تھا اور اسلام آباد عرف بھیرہ کی تعلیم پا کر مولوی صاحب
مذکور کی مسجد مین وارد ہوا اور گھارا پوری کے بتخانے کی زیارت کرنیوالون
مین سے یہہ بھی ایک تھا سو کتنے ہفتے سے بعض اخوان الشیاطین کی
ترغیب سے ہر جمعہ کو اس بتخانے کے محلے کے قریب نانڈی والی کی مسجد مین
منبر پر بیٹھکے وعظ کرتا ہے اور جو اس فرقہ وہابیہ معتزلہ خذلہم اللہ
جمیعا کا طریقہ ہے اس موجب نالایق باتین جناب شافع یوم الدین حضرت
خاتم المرسلین علیہ السلام کی شان مین کہتا ہے کہ چالیس برس تک آنحضرت



اظہار این معنی بسرکار عدالت شعار انگریزی خواہم نمود و فہرس اسامیان الیشان

نشان خواہم داد کہ اینہا ازان قوم وہابی و معتزلہ میباشند کہ در حیدرآباد دکن

فتنہ جہاد و در فرخ آباد تصویر سید احمد صاحب و در تونک ہمچنین فساد بزرگ برپا کردہ مقید و

محبوس و خارج البلد شدہ بودند و بکیفر اعمال و پاداش افعال خود رسیدند و دست اوینہ

مدلل باثبات ہر ستہ مقدمہ مذکور خواہم گذرانید فقط الراقم محمدی و ما علی الرسول الا البلاغ

بر رسولان بلاغ باشد و بس **ترجمہ** سیادت، نجابت آثار فضلت

و بلاغت شعار بانی مجمع الاخبار کی خدمت مین بعد سلام نیاز کے عرض یہ ہے

کہ یہ چند سطرین اپنی اخبار مین درج فرماوین اور سب اہل اسلام کو عموماً اور اس

مخلص کو خصوصاً اپنا ممنون احسان کرین کیونکہ ایسے کا مومنین رعایت اور

چشم پوشی کرنا اپنے دین کی بنیاد کو گرانا ہے **فرد** رحم کرنا پلنگ ظالم پر

بکریون پر ستم ہووے، ظاہر ہو کہ تاریخ ۲۹ شوال سنہ ۱۲۹۴ ہجریہ جمعرات کے

دن مولوی عبد الحلیم صاحب کی مسجد کے سب مولوی گھارا پوری تجانے کی زیارت

کیواسطے تشریف لیگئے اور اچھی طرح باوضو ہو کر اُسن نجس دیول مین داخل ہوئے پھر

اولیا اللہ کی قبرونکی زیارت کیواسطے اور شرک و بدعت کے چھوڑنیکے واسطے ان لوگونکا

وعظ اور منع کرنا عوام لوگونکو کیا فایدہ کریگا کفر جب کعبے سے نکلا تو مسلمانی کہان

سید احمد صاحب کی تصویر لائے اور ٹونک مین بھی برا فتنہ برپا کیا آخر
قیدخانہ مین پڑے شہر بدر کئے گئے اور اپنے بدعمل کی سزا کو پہنچے اور ان
سب باتون کی یکی دست آویزین بتلادونگا ع بر رسولان بلاغ باشد بس
راقم محمدی کو اور ذیحجہ کی اٹھارھوین تاریخ سنہ ۱۲۶۴ ہجریہ مین ایک بہتان
جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ پر باندھا تھا اشتہار دیہ ایک خط مین لکھا گیا اسکی
عبارت بجنسہ مجمع الاخبار سے نقل ہوتی ہے خط خلاصۃ الاخبار بانی
مجمع الاخبار دام اشفاقہ بعد سلام شوق کے روشن ہو جیو کہ آپکے اخبار کے
کاغذ اس جزیرے معمورہ وغیرہ اطراف کے مسلمانون کے ہاتھو مین وارد سایر
ہین اسواسطے آپسے توقع یہہ ہے کہ سب اخبار خوانون کو ظاہر ہونیکے
لئے یہہ رقعہ حسبۃ للہ آپنے آتے بدھ کی اخبار مین درج فرماوین
خلاصہ یہہ ہے کہ جزیرے معمورہ کے مطبع محمدی محمد حسین ابن مرحوم محمد سلیم
صاحب اور عبدالملک ابن مرحوم مولوی محمد صادق صاحب کے اہتمام سے
سنہ ۱۲۶۲ ہجری مین ایک کتاب ہندوستانی زبان مین بنام فقہ احمدی
امام اعظم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب مین چھپی گئی ہے اور اسکے
ساتھ ایک رسالہ ہندی بنام تنبیہ الانسان فیما یحرم ویحل من الحیوان

جاہل مطلق تھے اور صدیق وامین کے القاب کی بزرگیاں اور الہام
اور القا اور سچے خواب جو آپ کو قبل نبوت کے ثابت تھے سوان سب سے
انکار کرتا ہے اور دین کے بزرگ اور اولیاء اللہ شہیدوں کی نیاز کا طعام کھانا
اور میت کے حق مین فاتحہ دینا اور عید کے دن اچھا لباس پہننا اور زمین وعمارات
گھرونکا کرایہ لینا اسسبکو حرام کہتا ہے اور دعوی کرتا ہے کہ اگر کوئی عالم
ہو تو آوے اور مجھ سے مباحثہ تکرار کرے مین سبکو قائل کردونگا اسواسطے
عرض یہہ ہے کہ کوئی بھی دیندار عالم اس نایب دجال کا فساد دفع کرنیکے لئے
وہان آوے اور حسبتاً للہ ورسولہ خدا کیواسطے اور اسکے رسول کیواسطے جواب
شافی سے اس لئیم کو عذاب الیم سے بچاوے اور عوام لوگونکو اس رجیم کی
گمراہی سے چھڑاوے تو اسکو اللہ کے نزدیک بڑا ثواب ہوگا اور سب مسلمان
اسکے شکر گذار ہووینگے اگر یہہ معتزلہ لوگ ان تینون باتون سے محکمہ شریعت
غرا مین آکر توبہ استغفار نکرین اور مسلمانون مین اسیطرح فتنہ اور فساد کی آگ
سلگاتے رہین تو مین ضرور سرکار عدالت شعار انگریزی مین یہہ امر
ظاہر کرونگا اور اس وہابی معتزلی فرقے والون کے نام لکھہ دونگا
کہ ان لوگون نے حیدر آباد مین جہاد کا فساد کیا اور فرخ آباد مین حضرت

شافعیون کے نزدیک سانپ اگرچہ بحری ہو تو بھی حرام ہے اور اٹھائیسوین[۲۸]
صفحے پر جو کھیکڑے کے باب مین لکھا ہے کہ امام شافعی کے نزدیک ایک روایت
مین حلال ہے اور کچھوے کو بھی امام شافعی کے نزدیک حلال لکھا ہے سو
یہہ دونون باتین محض غلط ہین اور انتیسوین[۲۹] صفحے پر جو لکھا ہے کہ گنگٹے
یعنے کھیکڑے مینڈک اور مگر کے سوا جتنے جانور دریائی ہین سو سب کے سب
حلال ہین سو یہہ کہنا بھی جھوٹھہ اور افترا ہے بلکہ جتنے دریائی جانورونمین
زہر ہو جیسے دریائی سانپ وغیرہ اور جو جانور دریا اور خشکی مین یکسان جیتے
رہتے ہین جیسے کچھوے وغیرہ سو حرام ہین اور اکتیسوین[۳۱] صفحے پر
مور کے باب مین شافعیونکی دو روایتین لکھین ہین سو باطل ہے بلکہ مور کو سب
شافعیون نے حرام لکھا ہے پینتالیسوین[۴۵] صفحے پر بلی کے حکم مین لکھا ہے کہ
امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بلی حلال ہے سو یہہ بھی جھوٹھہ اور افترا
محض ہے کیونکہ شہری بلی تو کیا بلکہ جنگلی بلی بھی شافعیون کے یہان حرام ہے
صاحب من اوپر لکھے ہوئے احکام مین جو افترا محض شافعیون پر اٹھائی ہے سو
فتنہ انگیزی اور دین مین رخنہ ڈالنے سے خالی نہین ہے اسواسطے سب
شافعی مذہب کے مسلمانونکو ظاہر کیجئے کہ ایسے مفتریون کی باتون پر ہرگز

بھی چھپا گیا ہے اُس رسالے کے دیباچے مین ہندی مترجم نے لکھا ہے
کہ وہ رسالہ محمد معین صاحب کرکے کوئی شخص تھا اُس نے فارسی زبانمین تالیف
کیا تھا اُسکو فایدہ عام کے واسطے ہندی زبانمین ترجمہ کیا اگرچہ اس رسالے مین
مترجم کا نام مذکور نہیں ہے لیکن جناب مولوی عبد الحلیم صاحب زبانی یون
معلوم ہوا کہ مولوی عنایت اللہ کرکے ایک شخص ہندوستانی کئی برسون سے
اس جزیرے معمورے بمبئی مین آرہتے ہین وہ رسالہ اُنکا ترجمہ کیا ہوا ہے
اس رسالے مین قطع نظر حنفی مالکی اور حنبلی مذہبون کے جو جو تہمتین اور افترائین
ایمہ شافعیہ رحمہم اللہ پر باندہی اور انتسابی کی گئی ہین اُنمین سے ایک شیہ یہہ
ہے کہ اُسکے نوین صفحے پر لکھا ہے کہ توتا بعضے شافعیون کے نزدیک حلال ہے سو
غلط اور محض افترا ہے کیونکہ شافعیون کے نزدیک اُسکی حرمت کا حکم جاری ہے
اور اُسکے پندرھوین صفحے پر خبنگی گندے سے حکم کے ضمن مین جو لکھا ہے
کہ امام شافعی کے نزدیک جس حیوان کا باپ حلال اور ماں حرام ہو سو جانور
حلال ہوتا ہے سو یہہ بھی محض جھوٹ ہے کیونکہ شافعی مذہب مین جس
جانور کا باپ یا ماں حرام ہو سو بالاتفاق حرام ہے اُنیسوین صفحے پر ستّے کو
امام شافعی کے نزدیک فقط مکروہ لکھا ہے سو بھی جھوٹی تہمت ہے بلکہ

قوله صلى الله عليه وسلم لا تشد الرحال الا الى ثلثة مساجد

چیز کو حلال کہنا اہل سنت وجماعت کے نزدیک کفر ہے اور اسیطرح حلال چیز کو
حرام جاننا بھی کفر ہے نعوذ باللہ منہا بعضے مسلمان لوگون نے دنیاداری کی
رعایت اور لحاظ کے سبب یا کسی غرض نفسانی کے باعث جو ہمیشہ طبیعت پر
غلبہ کرتی ہے دینداری کی غیرت اور حمیت کو بالکل چھوڑ دیا اور طمع خام کے
دام مین ایسے پھنسے کہ حق بات انکو باطل نظر آتی ہے اور سخن باطل انکی انکھو
مین سیت الکلام کے مانند جلوہ گری کرتا ہے اگر کبھی حق بات کسی شخص کی زبانی سُن
پاتے ہین تو نہایت خفا اور خشمناک ہو کر اسکے بطلا مین سعی اور کوشش کرتے
ہین مگر یہہ نہین سوچتا کہ اپنی راہ باطل کو چھوڑ کر اُس حق بات کی پیروی کرین
خدا سبھو نکو ہدایت نیک دیوے اور دینداروں کا بول بالا کرے آمین +
اس خط کے چھاپے جانے سے بہت شافعی لوگ اُنکے دھوکے سے بچ گئے
مگر ان لوگون نے فساد سے ہاتھ نہ اُٹھایا اور مفسدی چغل خوری بہتان باندھنا
شروع کیا جب ائمہ اربعہ اور بزرگان دین پر بہتان باندھنے مین کچھہ اندیشہ
نکیا تو پھر اور کسی کی کیا حقیقت ہے آخر یہان کے بعض رئیسون نے از رو دینداری
و عاقبت اندیشی کے کئی رسالے اور فتوے انکے رد مین لکھے اُنھین دنو نمین یہہ
راقم نے بھی ایک نسخہ بنام سراج الہدایت لکھنا شروع کیا چنانچہ وہ بھی چالیس جزو کا

عمل نکرین بلکہ اپنے مذہب کے معتبر علما اور فقہا کیطرف رجوع کرین اور
جو صحیح اور معتبر روایت اُنسے تحقیق ہوگی اسی پر عمل کرین بالفعل تو اتنی
ہی جھوتھی تہمتین رسالہ مذکور مین نظر آئین ہین انشاء اللہ تعالی آئندہ جو جو
افترائین اس رسالہ مین نظر آوینگے سو بھی آپکی اخبار کی معرفت سب خاص و عام سے
ظاہر کیے جاینگے زیادہ کیا لکھا جاوے والسلام خیر ختام تاریخ سترھوین ماہ ذیحجہ
۱۲۶۴ ہجریہ مقدسہ راقم خیرخواہ صمیمی مخلص شافعیان عفی اللہ عنہ

جواب

خیرخواہ صمیمی مخلص شافعیان کی خدمت عالیہ رجبت مین بانی مجمع الاخبار کیطرف سے
بعد از سلام شوق کے عرض یہہ ہے کہ آپنے جو دین کے امر مین فتنہ انگیزون کی
تہمتین دفع کرنیکے واسطے خامہ مشکین خرام کو میدان قرطاس مین جولانی دیا آپ
بات سے بندہ خیرخواہ نہایت آپکا ممنون ہوا آئندہ بھی جو کچھہ کہ لکھینگے اُسکو درج
اخبار کرنے مین کچھہ مضایقہ نکریگا + اگر کوئی حنفی مالکی یا حنبلی صاحب بھی ایسے
فتنہ انگیزونکی کتابونمین کوئی غلطی تہمت افترا کہ جسمین مقلدین ائمہ اربعہ رحمہم اللہ کی
حقارت ہو دیکھہ پاوے اور اسکا جواب صاف مسلمانونکی خیرخواہی کیواسطے لکھہ بھیجے تو
بلاشبہہ درج اخبار ہذا کیا جائیگا تا مسلمان بھائی ان لوگون کے بہکانے سے اپنے
امام کی تقلید اور پیروی چھوڑ نہ دین اور حرام چیزونکو حلال نکہین کیونکہ حرام

تنبیہ و ترغیب دینا شروع کئے جب لوگون نے دیکھا کہ ایسے مولوی عالم
آپکے مرید اور خادم بنے تو مقرر حضرت آخر زمانے مین امام ہین تب ہزارون
مسلمان آپکے مرید ہوئے اور وعظ و نصیحت سنکر خوب اپنا اعتقاد مضبوط کیا پھر
مولویون نے نئی نئی باتین تلقین فرماکے جہاد اور لڑائی پر رغبت دلائی تب تو
خوب زر و لشکر جمع ہوگیا ہند کے اکثر دولتمند جو ہم مولود الشریف گیارہوین وغیرہ
خاص مہینون مین اموات کی فاتحہ اور بزرگون کے عرس شریف کے
ایام مین ہزارون روپئے نیاز وغیرہ نیک کامون مین خرچ کرتے تھے اور سیکڑون
مشایخ پیرزادے غریب سادات اور مجاور فقرا فیض پاتے تھے تب ان مولویون نے
عرس نیاز فاتحہ وغیرہ و ہم چہلم برسی کو بدعت اور حرام کہنا شروع کیا اور ضعیف
روایتونکو اختلافی مسئلون کے ساتھ خلط کرکے انکامونکو موقوف کروادیا اور وہ
پیسا اپنے قبضۂ تصرف مین کھینچا اور حضرت کے ہمراہ ایک بڑا قافلہ جمع کرکے
حرمین الشریفین کو گئے جب وہان ایسے نئے مسئلے مشہور کئے تب کئی
مولوی حاکم مسلمین کے پنجے مین گرفتار ہوئے بہزار خرابی حضرت سید احمد کی
سادگی مزاج اور حسن اخلاق کے باعث انکی جان بخشی ہوئی آخر یہان
آئے اور سکھون کے ساتھ جہاد شروع کی اور ایک روایت مین حج کو جانیکے

اب تیار ہوا ہے اور اسکا حال آگے اشتہار سے معلوم ہوگا اور یہہ مختصر رسالہ
بہت طویل ہوتا ہے اسلئے اتنی ہی کیفیت پر بس کیا اور آگے خاتمہ لکھا

خاتمہ

اس فرقہ وہابیہ کے استیصال پانے اور جرمن الشیر لعنبن اسکی جڑ کٹ جانے میں

صحیح اور مشہور یہہ بات ہے کہ جب چند اشخاص کے دماغ میں حب جاہ اور ہوا ریاست
بھر گئی اور معلوم ہوا کہ ریاست بے زر و لشکر ممکن نہیں تب انھون نے حضرت سید احمد
صاحب کو ڈھونڈھ نکالا یہہ بزرگ حضرت شاہ حسین ڈھڈا کی اولاد مین بڑے
خاندان کے پیرزادے مشہور تھے شجاعت و دلاوری مین معروف مہاراجہ ہلکر کے لشکر
سے جب نواب میر خان جدا ہوئے تب انھونکو بھی رخصت ملی پھر حضرت مولانا شاہ
عبد العزیز صاحب سے اجازت خلافت لیکے پیری مریدی کا سلسلہ جاری کیا
اچھے اچھے نامی مولوی حضرت کے پالکی کا ڈنڈا پکڑ کے پیادے سر بازار دوڑنے
لگے اور بقول پیران نمی پرند مریدان می پرانند حضرت کو امام ہمام اور امام مہدی
یعنی ہدایت کرنے والے اور امیر المومنین کے خطاب سے مشہور کیے اور اسمہ احمد
اس آیت کی تاویل حضرت کی ذات پر قرار دی بلکہ ولایت اور نبوت کی مدارج
حضرت کی ذات پر ختم ہوئے ایسی مبالغے کی تعریف بیان کرکے لوگونکو آپکی مریدی پر

مفت مارے گئے انکی عورتین ہندوستان مین بیوہ اور انکے بچے یتیم
ہو گئے اور اب تک بھی یہہ لوگ حضرت کو زندہ سمجھتے ہین کیونکہ سید احمد صاحب کی
شہادت کی تاریخ کسی پر ظاہر نہین کرتے ہین بعضے کہتے ہین سکھون کے
اور بعضے کہتے ہین مسلمان افغانون کے ہاتون اکثر یہہ لوگ مقتول ہوے اب تک انکے
خلیفے اور شاگرد دنیاداری کیواسطے اور انکا عیب چھپانیکے لئے سبھی کو شہید
کہتے سنے اور سارے ہندوستانکو دار الحرب بولتے اور یہان سے ہجرت کرکے ملے کو
بہاتے اور جو مسلمان یہان سے ہجرت نکرتا تو اسکو بدعتی بلکہ مشرک کہتے تھے مگر ایک
سال خوب رجعت مین پڑے اور دو سو سے زیادہ ہجرت کرنیوالے مع عیال و اطفال
ملے سے نکل آئے اور دوسرے مرتبے پھر کبھی ہجرت کا نام نلیوینگے ہجرت کا سنہ
رسول اللہ علیہ السلام کا مشہور ہو مگر ان لوگونکی رجعت کا سال مشہور ہوا بے ادبی کی
راہ سے خود کو مہاجرین کہلاتے تھے مگر اللہ نے انکو اس بے ادبی کی سزا
یون دیا کہ جیسے ملے کے جزیرے کافرون کو نکالدئے تھے ویسے انکے
بڑے بڑے سرگروہونکو بھی مرتد بے ایمان بناکر ملے سے شہر بدر کردئے
بلکہ عرب کی سرحد سے اخراج کئے اللہ نے رسول ہاشمی کی دعا کی برکت سے آج تک
عربستان کے جزیرہ کو شرک اور بت پرستی سے محفوظ رکھا ہے سواے اہل سنت و

اوّل بھی کچھ فساد برپا کئے تھے الغرض جب پشاور مین گئے وہان کے
مسلمانون نے خمس عشر زکوات خراج صدقات وغیرہ انکو دین کا غازی
جانکر دینا شروع کیا کئی شہر اور قریات اُنکے تصرف مین آ گئے جب پشاور
مین وہان کے مولویون کے ساتھہ رفع یدین کے باب مین مباحثہ ہوا اور مولوی اسمٰعیل
دہلوی نے رفع یدین کرنا چھوڑ دیا انھین دنونمین ایک بزرگ سادات کے مقبرہ کو
گروا دئے اور شرک فی التصرف اور شرک فی العادت کے مسئلے وہان ظاہر کئے
اور مُلک ہزارہ کو دار الحرب کہے تب حافظ محمد حسن واعظ ملا دراز اخوندزادہ نے
انکار دیہ لکھا اور فتح خان غلزی والی پنجتار نے جو بڑا انکا معتقد تھا اور ہمیشہ
دو ہزار افغانون سے انکی مدد کرتا تھا انکی رفاقت سے اپنا پہلو تہی کیا الغرض اس
قصے کی ایک بڑی کتاب لکھی ہوئی ہے آخر ایک طرف سے مسلمانون نے انکی
بداعتقادی اور بدنظری دیکھکر قتل وغارت شروع کی اور دوسری طرف سے
سکھون نے بالاکوٹ پر ہزیمت دی سب کے سب مارے گئے کچھہ قلیل آدمی وہان سے
بھاگ نکلے تو پھر مسلمانونمین رخنہ شروع کئے اور حضرت سید احمد کا چلا بناکر
اپنا بیت بھرنے اور بت پرستی کو رواج دینے لگے جسکا بیان باب اول مین
مفصل ہے فی الجملہ بہت غریب سادے مسلمان انکے دام فریب مین پھنسکر

اور گمراہی سے ہم سب مسلمانونکو بچائیو اور رسول مختار صلعم کو دنیا اور آخرت
مین ہمیشہ ہمارا شفیع مددگار رکھیو اے رسول خدا ہم تمکو اللہ کے نزدیک اپنا
وسیلہ اور شفیع مددگار سمجھتے ہین آپ پروردگار اپنے حبیب اور رسول کے طفیل سے
ہمین دنیا مین اسلام پر چلائیو اور آخر باایمان اُٹھائیو آمین اب ان لوگونکا
مختصر حال مکے سے شہر بدر ہونیکا سنو معلوم ہووے کہ اسی برس کے شہر ربیع الاول
مین مدینہ منورہ مین جناب رسول ہاشمی علیہ الصلوۃ والسلام کے حضور مین انکا جھگڑا
پھوٹ گیا یعنے ایک شخص موافق معمول کے حضرت کے روضہ منورہ کے قریب جو
فرشتونکی سجدہ گاہ ہے دست بستہ ہوکر سلام زیارت پڑھ رہا تھا مولوی
عبدالرحمن بنارسی نے اُسکو منع کیا تب قاری عبدالرحمن رامپوری جو شاگرد
رشید مولانا اسحاق صاحب کے ہین اُسکے کہنے کو رد کیا اور ملا علی اور قاضی عیاض کی
تصانیف کا حوالہ دیا چنانچہ یہانتک مولوی عبدالرحمن کی زبانی یو مسموع ہوا کہ بیچ
مین نے ایسا اعتراض کیا تھا لیکن اب کتابو مین اسکی دلیلین دیکھا تو اپنے
قول سے رجوع کیا اور توبہ استغفار پڑھا بعد اسکے سفر اوادی مین اس بات کا
دوبارہ جھگڑا ہوا پھر ایک منکر الشفاعت نے شفاعت کے باب مین انکار کیا اور
دلایل الخیرات کے پڑھنے کو بدعت کہا اور بولا کہ یہہ آدمی کا کلام ہے اسلیے

جماعت سے کے اور کسی فرقہ والے کا وہان تسلط ہوتے پایا انشاء اللہ تعالی
قیامت تک حرمین الشریفین کے رہنے والے شرک بت پرستی اور ہنگامے
فساد اور ایسے نایب دجال کی فتنہ انگیزی سے امن مین رہینگے کیونکہ بیت اللہ
اہل اسلام کی عبادت کا قبلہ ہے اور اس مکان کی اور وہان کے رہنے والونکی
فضیلت بزرگی کتابون مین موجود ہے دجال سب جہان مین پھریگا اور سبکو
گمراہ کریگا لیکن وہان نجا سکیگا اور وہان ہمیشہ اسلام قایم دایم رہیگا وہانکے
علما ونکا حکم سب جہان کے مسلمانون پر ماننا واجب ہے کیونکہ وہ مکان اسلام کا
مرکز ہے اور اسلام والونکا قبلہ اللہ تعالی ہم سب مسلمانون کو انکی فرمان برداری
اور پیروی کی توفیق دیوے یہہ لوگ دین و ایمان کے قبلے سے پھر اور دار الندوہ
طرف پھر موہنہ کیئے بیت اللہ مسلمانونکی دعا قبول ہونیکی جا ہے اور تقصیر معاف
ہونیکا مکان ہے جب یہہ لوگ وہان تقصیر وار ہوے اور انکی توبہ قبول نہوی
اور نکالے گئے پھر کس موہنہ سے نماز پڑہینگے اور دعا مانگینگے **بیت**
عزیزیکہ از درگہش سر بتافت ط بہر درکہ شد ہیچ عزت نیافت - اگر حضرتکی
شفاعت کا یہہ لوگ اقرار کریں تو اللہ کے گھر سے نکالے نجاتے دنیا اور
آخرت مین انکے شفیع اور مددگار ہوتے اے پروردگار اس زمانیکے فساد

پھر ایک شخص کے واسطے دس بیس آدمیون نے گواہی دی کہ اسنے علمانے
دن نیاز کے طعام کو حرام کہا تھا اور کھانے پر فاتحہ دینے کو بدعت کہا
پھر ایک شخص کے واسطے یون شاہدی گذری کہ اس نے یا رسول اللہ بولنے کو
شرک کہا پھر ایک شخص پر یہہ جرم ثابت ہوا کہ اسنے یا شیخ عبد القادر جیلانی
شیئاً للہ کہنے کو شرک کہا پھر انھین سے ایک نے نبی علیہ السلام کی شان مین
استخفاف اور اہانت کی باتین کہین پھر ایک شخص پر یہہ تقصیر آئی کہ اس
قادریہ رفاعیہ شاذلیہ عیدروسیہ رحمہم اللہ کے سلسلون مین مرید ہونیکو نادرست
کہا پھر انھین سے ایک نے مولود الشریف کو بدعت وسلام کیوقت کھڑے
ہونیکو اور ہاتھ باندھنے کو شرک فی العبادت کہا پھر ایک شخص پر یہہ گناہ
آیا کہ اسنے حنفی شافعی مالکی حنبلی کے پیرو اور مقلدونکو بدعتی کہا الغرض سابق کی
کئی برس کے بہتیری تقصیرین اس برس مین ان لوگون پر ثابت ہوئین تب
حاکم مسلمین نے اس فرقے کے سب مولویونکو گرفتار کرنیکا حکم دیا سب پکڑے
گئے اور قید مین پڑے مگر مولوی سلیمان اور دوسرے کئی شخص وہان
چھپ گئے اور بعضے بھاگ نکلے چنانچہ ایک سو سے زیادہ نام اس فرقے والون کے
لکھے گئے اور ان قیدیون نے بعضے نامور مولویون کے نام عداوت اور بہتان سے

پڑھنے سے کچھ فایدہ نہین پھر ایک شخص نے قصیدہ بردہ کے مصنف پر
اعتراض بیجا کیا پھر رابق کے مقام مین جو میقات ہے اور اسکو جحیفہ بھی کہتے
ہین احرام باندھنے کے بعد جہاز توڑنے پر تکرار کی اور کہا کہ مکے حرم کی
بزرگی مدینے سے بڑھکر ہے اور ابن تیمیہ کے قول کو جو خارجیہ فرقے کا مولوی
تھا ظاہر کیا کہ بیت اللہ کو چھوڑ کر مدینہ شریف کی زیارت کو آنا درست نہین
پھر جب مکہ معظمہ کو پہنچے کئی پشاوری مولوی اور بعضے سلیمانی قبیلے کے لوگون نے
ایک عرضی مین انکا حال لکھکر امام المسلمین حامی دین متین افندینا حضرت
حبیب بادشاہ ادام اللہ تعالی برہ واحسانہ کے حضور مین گذرانے اور ظاہر کیا
کہ اس فرقے کے چار مولویون نے ۱۲۵۷ ہجریہ مین انکار تقلید سے توبہ کی تھی
اور حنفی مذہب پر ہین ایسا اقرار کیا تھا پھر اپنی توبہ توڑا پھر ایک شخص کے
واسطے چار مسلمانون نے گواہی دی کہ اسنے ترحیم کو منع کیا اور بدعت و
شرک کہا اور صبح کی اذان کے اول حرم محترم کے اطراف کے منارہ پر موذن
پڑھکے درود اور سلام باآواز بلند پڑھتے ہین اسکو ترحیم کہتے ہین یعنے اللہ سبحانہ
تعالی کی جناب مین رسول اللہ علیہ السلام کے طفیل سے رحمت مانگنا

114

لوگ بھی بدنام ہو جاتے ہین اور بعضونکو ننگ و عار یا مفسدونکی بری
بڑی باتین بدنام سے رجوع کرنے اور پھر جانے اور توبہ استغفار کرنے
باز رکھین ہین کہ اتنے برس ہمارے اس فرقے مین گذرے اب کیونکر اسے
پھیرین خدا ہدایت دیوے سب مسلمانونکو مولوی محمد بیگ چشتی سہارنپوری جو بارہ برس
اول یہان آیا تھا اور یا رسول اللہ کہنے اور اذان سننے کے وقت آنحضرت
نام کی بزرگی کے لئے انگھوٹھے ہاتھ رکھنے اور درود پڑھنے کو نادرست کہتا
تھا تب مولوی خدابخش نے اسے پکڑا اور اچھی طرح مباحثہ کرکے شرمندہ کیا
اب پھر یہی باتین اُسنے مکے مین بھی ظاہر کین اور گرفتار ہوا مولوی مراد
بنگالی جو کلکتے مین مفتی تھے اور کئی برس سے مکہ معظمہ مین رہتے تھے اگرچہ
۱۲۵۷ ہجری مین اُسنے تقلید ائمہ اربعہ سے انکار کیا بعد اسکے حاکم مسلمین نے اسکو گرفتار کیا
اور اسنے لکھا لیا کہ مین مقلد ابو حنیفہ کا ہون چنانچہ حرمین الشریفین کے
چارون مفتیونکی صحیح مہرسے جو مذکور ہو چکا اسی فتوے پر لکھ دیا ہے لیکن
اسکا وعظ درس وغیرہ اُسی دن سے موقوف ہو گیا تھا اب کے قدیم دفتر کی روسے
یہ بھی گرفتار ہوا و نکالا گیا اور جو تخم سابق مین بویا تھا اسکا پھل اپنے رفیقون
سمیت آج چکھا جب ان لوگون نے دیکھا کہ ہندوستان مین کچھ ہمارا نیا

بھی تبلا دے تھے چنانچہ وے لوگ بعد تحقیق کے چھوٹ گئے اور ہر
شنبہ کے دن علماؤں کی مجلس ہوتی تھی اور مدعی اور مدعی علیہم سب کے سب
حضور پاشا میں حاضر ہوا کرتے تھے غرض ملا محمد جان صاحب اخوند زادہ اور حنفی
اور شافعی مصلوں کے پیش اماموں نے اتفاق کر کے حضرت مولوی محمد یعقوب صاحب کو
انکی تہمت سے بچا لیا اور مولوی عبد القیوم صاحب جو مولانا محمد اسحق صاحب کے داماد
ہیں انکو بھی چھڑا لیا مگر چار برس آگے سے انکا وعظ حرم میں انہی لوگوں کی
شامت سے موقوف ہو گیا ہے اور مولوی عبد اللطیف بنارسی کا بھی تین برس سے
حرم میں وعظ موقوف ہوا کیونکہ یہہ اصل لکھنو کے ہیں اور عبد الحق بنارسی جو
خارجی بن کر بعد دہریہ ہو گیا اور جسکے لئے علماے حرمین الشریفین نے قتل کا
فتوی لکھا تھا سو اسکا بھائی حقیقی ہے اور یہہ عبد اللطیف لکھنوی چار برس سے
اول یہاں ہوں تک ہو گیا تھا اسوقت یوں ظاہر کرتا تھا کہ میں حضرت
سید احمد صاحب کے حضور میں محتسب کا عہدہ رکھتا تھا مولوی محمود علی بریلوی
جو دہلی کے ایک بڑے نامور مولوی کے خویش ہیں یوں ظاہر کرتے ہیں
کہ اب کے سال تک ہمارا وعظ حرم محترم میں جاری تھا لیکن ان مرتد لوگوں نے
ہمیں بدنام کیا اور اپنے ساتھ کھینچا سچ ہے کہ بری صحبت میں اچھے

اسکے کبھی یہہ لوگ مکہ معظمہ کو نآوین تب یہہ لوگ جہاز دور گین جو حاجی
اسماعیل ذکریا کا ہے اُسپر سوار ہوکر ستائیسوین رجب کو جدہ سے روانہ ہوے اور تیسری
تاریخ ماہ شعبان المعظم سنہ مذکور یہان معمورۂ بندر بمبی مین پہنچے اور اسی جہاز مین
مولوی مظہر حسین اور سید مہدی حسین عظیم آبادی وغیرہ قریب دو سو حجاج اور
بھی آئے مولوی محمود علی بریلوی کہتے ہین کہ مین نے اور کسی اہل سنت و جماعت نے
کبھی اُنکے پیچھے جہاز مین نماز نہین پڑھی وے حاجی مسکین لوگ ہر ایک
مسجد مین دو دو چار چار جا رہے اور انکا حال مفصل یہان کے لوگون نے
بیان کیا بعد از انیسوین تاریخ کو جہاز بنام فورت جدہ سے یہان آیا
اُسمین بھی دو سو حجاج کے قریب آن پہنچے اور یہہ خبر جدہ تواتر کو پہنچگئی
ان لوگون نے اول یہان اپنی بے حیائی اور زبان درازی سے مکہ معظمہ کے
حاکم کا ظلم اور وہان کے علما پر بہتان شروع کیا اور یہان کے رئیس لوگونکو
اپنی مظلومی ظاہر کی لیکن آخر حق حق ہوتا ہے اور باطل باطل ہوتا ہے جاننا
چاہیے کہ حضرت سلطان البرین خاقان البحرین خادم الحرمین الشریفین سلطان
ابن السلطان عبد المجید خان خلد اللہ ملکہ و سلطانہ و ضاعف علی المومنین برہ و
احسانہ نے سرکار انگریزی کی معرفت سے ایک اپنا وکیل کانسل یہان اس معمورے مین

پانچوان مذہب رواج نہین پاتا اور یہان ہر شہر مین اسکے روکتے ہین کیونکہ
ایسے فتنہ انگیز دشمن رسول دین مین رخنہ ڈالنے والون کا رد لکھنا
عین ثواب بلکہ ہر ایک عالم پر واجب ہے کہ ایسے زمانے مین اپنا علم ظاہر کرے
اگرچہ ایک مسئلہ جانتا ہو اسکو بھی کہہ سناوے اور مسلمانون کو انکے فتنے سے
بچاوے ایسا مضمون بہت حدیثون مین موجود ہے اور یہہ بھی ہے کہ حق بات
چھپانیوالا اور سچے کلام سے اپنا لب بند رکھنے والا گونگا شیطان ہے اسلئے یہہ لوگ
ہجرت کرکے یہانسے مکے کو گئے اور وہان کتابین بنانے لگے اور اپنے
مذہب کی ترویج شروع کی اور کلکتے وغیرہ شہرونمین اپنے گماشتے مقرر کیے
تا جو کتاب یہہ بنا کر بھیجین وہ اسکو چھاپین اور ہندوستان کے سارے مسلمان لوگونکو
بہکاوین پھر کسیکو اسمین اعتراض کرنے کی طاقت نرہے کیونکہ یہہ کتاب توم کے سے
بن کر آئی ہے جو دین و اسلام کا گھر ہے اسمین جو کوئی لب ہلاوے وہ نادان ہے
حاصل کلام خداوند عالم نے نچاہا کہ محمد رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کی امت گمراہ
ہووے جلدی اس فرقے کی وہان سے جڑ کٹ لی اور اٹھارویں تاریخ ماہ جمادی الثانی
سنہ ۱۲۶۵ ہجری مین ان لوگونکو بعد تنبیہ اور تعزیر کے قیدخانے سے نکال کر مکہ معظمہ
شہر بدر کیا اور بندر جدہ تک انکے ہمراہ سپاہی کردے اور یہہ حکم کیا کہ بعد



جبسهم وخرجهم من الحرمين الشريفين فانتم تسوا واحد ورقة على
بصير طبعه في چهاپه خانه حق النبیٔ ویکون في الاوراق اسمهم المخرجين
من ارض الحجاز مولوی عبد اللطيف لکهنوی ومولوی عبد الرحمن بنارسی
ومولوی محمد سهارنپوری ومفتی بنگاله محمد مراد ومولوی محمود علی بریلوی
خرجهم مع عيالهم واولادهم طبعواه في الشتاب وارسلواه في الهند لاجل
عبرت وهابيات حق الهند كما مول جملة علماء بان اهل الكتة وكبار الحكامات
وافد ينا الكبير والصغير لازم لازم عليكم اجراء الامر هذا على العجلة
لاجل اشتهاره في الهند واطرافه الله يجزيكم خير الجزاء وطول عمركم والسلام

خلاصہ ترجمہ ہم تمکو وہابیوں کے احوال مین یون لکھتے ہین کہ ہمارے بادشاہ نے
ان لوگونکو تنبیہ کی قید مین ڈالا اور حرمین الشریفین سے شہر بدر کیا اب تمکو لازم
ہے کہ ایک ورق پر انکا احوال لکھوا کر مبینے کے چھاپا خانے مین چھپوا دو اور جن
لوگونکو اس حجاز کے ملک سے نکال دیا ہے انکے نام یہہ ہین مولوی عبد اللطیف لکھنوی
مولوی عبد الرحمن بنارسی مولوی محمد سہارنپوری مفتی بنگالہ محمد مراد مولوی محمود علی
بریلوی ان سبھونکو انکی عیال اور اولاد سمیت نکال دیا ہے اسلئے تم چھپوا کر وہ
اشتہار ہندوستان مین بھیجو تا ہند کے وہابیونکو عبرت اور خوف پیدا ہووے

مقرر کیا چنانچہ وہ وکالت خاص اور سفارت باختصاص جناب رفعت
و عوالی مرتبت حشمت و شوکت منزلت رئیس التجار وکیل الدولۃ العثمانیہ حاجی
حبیب بن یوسف ادام اللہ تعالی اقبالہما کو مقرر ہوئی اور یہہ منصب جلیلہ ماہ
جون کی ساتوین تاریخ سنہ ۱۸۴۹ عیسویہ کو گورنمنٹ گزٹ مین مستر اے
مالیت صاحب بہادر چیف سکرتاری کی صحیح سے اشتہار پایا اور یہہ
سلطان روم کا وکیل رئیس التجار جناب عالی شان حاجی حبیب بن یوسف مکہ
معظمہ کے باشاکے زیر حکم ہے اسکے وجود ذی سے حسن اخلاق خیر
خواہی اہل اسلام کی حرمین الشریفین مین بدرجہ کمال ظہور مین آئی جسکے
باعث سلطان روم کے خاص فرمان سے سرفراز ہوا اور اس منصب جلیلہ پر [illegible]
خلاصہ احوال تذکرۃ اللبیب فی اخلاق الحبیب نام کے رسالے مین لکھا گیا ہے اور
عنقریب وہ بھی چھاپا جائیگا اب ان وہابیونکی بابت مین خاص مکہ معظمہ کے
باشاکے دیوان محمد جعفر ترکی کے ہاتھہ کا لکھا ہوا خط جو اشتہار کے لئے
بھیجا سو اسکی عربی عبارت کی نقل بجنسہ نیچے لکھی جاتی ہے پہلا خط مورخہ
۱۹ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۲۶۵ ہجریہ بمقدسہ مکہ مشرفہ کے مقام سے پہلا فقرہ
ونعرفکم من خصوص الوہابیات الذی عرفا کم اعلاہ لانہ الباشا



يضربونهم البابيت فوق اطيازهم وضربوهم ضرباً شديداً القواصين من
بعد الباشا طرحهم في الحبس واخذ من مراد الباشا الادبه خمسمائة ريال
وامر الباشا يسفرونه الى السواكن في حبس طول العمر والا يسفرونه الى الهند لعله يرد
وبعض من جماعة نشدد ولعمال الباشا يفتش عليهم والظاهر سمعنا من جده
طلعوا اللولوي مراد في مركب ذكرياً الى منبع حيث اعلام الى هذا القدر
حسيب باشا رجل منتبه داهيه صاحب عقل وسياسة وصاحب شجاعت وله
هيبة كثيرا ربنا يعلي جاهه ويطول عمره والباشا مكانه يحث الاخبار
الى غاية وقت الليل يدور في البلد بلبس الفقرا لاجل يشم الاخبار ويشوف
احوال الناس ويسمع ما يفعلون وهو حاكم عادل ذهين كثير والذي هم
عاجم متوهبين ما فيه شك يخرجهم من مكة المشرفة مسلسلين و
يسفرهم من جاه ربنا يهدي على الصواب **خلاصه ترجمه پوشیده**
نہ ہے کہ کئی برس سے یہان ایک شخص بنگالے کا مولوی مراد نام حج کے
ارادہ سے رہتا تھا ظاہر مین تو اچھے طریق کا آدمی نظر آیا تھا مگر باطن مین
اسکا طریقہ وہابی کا تھا اپنے مذہب کی کتابین بنانے لگا اور ہندوستان سے
بھی اس مذہب کی کتابین اپنے ساتھ لایا تھا کئی ہندی سندی اس

اور اہل مکہ سب علما اور حاکم اور ہمارے بڑے باشا اور چھوٹے باشا کو بھی تم سے یہی امید ہے اور تم پر یہہ کام بجالانا لازم ہے جلدی اسکا اشتہار ہند مین اور اسکے اطراف مین بھیجو اللہ تم کو بڑا ثواب دیوے اور تمھاری عمر دراز کرے والسلام

خط دوسرا عربی خط مکہ معظمہ کا مورخہ ۲۲ تاریخ جمادی الآخر ۱۲۶۵ سنہ ہجری جناب عالی انتساب سید حسن بن سید احمد الجفری باعلوی کا لکھا ہوا

لا یخفاک من مدۃ سنین رجل واحد من بنقالہ وصل الی ھھنا القصد للحج رجل ھندی اسمہ مولوی مراد فی الظاھر کان بیان رجل طیب صاحب طریقۃ طیبۃ وانما الخبث فی باطن طریقۃ طریقۃ الوھابیہ[2] وقد جاب معہ الکتب من بلاد ووفد علی بعض الناس ھنود وسنود وخلا فھم الجھال وعلمھم ما فیھا الکتب المذکورۃ مذھب الوھابیہ ورغبھم کثیرا علی طریقۃ الوھابیہ وعلم ھذا الخبر افندینا حضرت حبیب باشا فی الحال ارسل للقواصین وطرب علی المولوی مراد وحضر فی الحال قدام سعادۃ الباشا وفتح علیہ الباشا بما کان فاعل طریقۃ الوھابیہ والخبیث مراد المنوھب اقر قدام الباشا ثم غضب حبیب باشا غضبا شدیدا علی الخبیث مولوی مراد وفی الحال قرشہ وفرش جماعۃ محملۃ فوق الارض وامر الباشا علی القواصین

کرینوالا ز ہے **خط** تیسرا خط فارسی منشی عبد الغفور کا لکھا ہوا جو سرکار نیف
باشا ادام اللہ تعالی دولتہ کے خاص مترجم ہین مورخہ ۲۵ ماہ جمادی الثانی
سنہ ۱۲۶۵ ہجریہ مقدسہ منمقام مکہ مشرفہ بہ جناب عالیشان رشادت واقبال نشان
حاجی شیخ عبد القادر صاحب جیتیکر جو ممبئی کے رئیس اور اسے سال حرمین الشریفین
زادہما اللہ شرفا وتعظیما کی زیارت سے مراجعت کرکے یہان آئے ہین انکے
نام پر ہے اسکا ایک فقرہ یہان نیچے لکھا جاتا ہے **خط** حالات این جوار بدین
گونہ کہ افغانان مجاور مکہ مشرفہ معظمہ بر بعضی اعدای دین ومخالفان دین متین
کہ عبارت از وہابیان است دعوی بسرکار والی حرمین الشریفین یعنی حسیب باشا
نمودند چنانچہ مولوی عبد اللطیف ومولوی محمود علی ومولوی محمد بیک جشیم ومفتی
عبد الرحمن بنارسی را تا عرصہ یکماہ در زندان انداختند وکتابهای اوشان را
خانہ تلاشی نمودہ مثل تضعیف الایمان وغیرہ آوردہ بحضور باشا بردند وباشای مسطور
کتاب مذکور باعث آنکہ در ہندی بود برای ترجمہ نمودن بعضی کلامهای بی ادبانہ
بفدوی دادند وکمترین نیز حسیب الارشاد ترجمہ بعضی سخنان منتخبہ نمودہ بحضور
گذرانید الحاصل بصلاح وصوابدید عالمان مکہ معظمہ مردم مذکورین را حکم
اخراج از حرمین الشریفین مع اہل وعیال فرمودند چنانچہ بتاریخ ۱۸ ماہ یازدہ

فساد مین پڑے اور جاہل لوگ اسکے تابعدار بنے اور وہابیہ کا طریقہ مکہ مشرفہ مین
رواج پانے لگا جب یہہ خبر حسیب باشا سلمہ اللہ تعالی کو پہنچی جہت
سپاہی کو بھجوا کر مولوی مراد کو اپنی حضور مین بلوایا اور پوچھہ پاچھہ کی تب
مولوی مراد نے بھی اس بات کا اقرار کیا پھر حسیب باشا اسپر بہت غصے ہوا اور
فراشونکو حکم دیا اسکی سب جماعت کو زمین پر اوندھے سلا کر خوب لکڑیونسے
تعزیر دی اور قید مین ڈلوایا آخر مولوی مراد تعزیر پا پانسے ریال لئے اور حاکم نے
جنم تک سواکن کے جزیرے مین قید رہین یا نہین تو ہند کو نکالے جاوین اگر
پھر بھی آوین تو پھر بھی نکالے جاوین اور بعضے وہابی چھپ گئے اور بھاگ
نکلے حاکم لوگ انکی جستجو کر رہے ہین اور ابھی مین نے سنا ہے کہ مولوی مراد جدے
ذکریا کے جہاز پر سوار ہو کر ممبئی کیطرف آتا ہے فقط حسیب باشا بڑا صاحب علم
وفہم اور حاکم عادل ہے سیاست اور شجاعت مین بھی کامل ہے رعیت کی
نہایت ہی ہوشیار ہے تبدیل لباس کر کر شہر مکہ معظمیہ مین پھرتا ہے اور اخبار
ڈھونڈھتا ہے اور سب لوگون کے احوال سے واقف ہوتا ہے اور وہ بڑا صاحب خیر ہے
عادل حاکم ہے اگر پھر وہابی لوگ یہان آوین تو بیشک انکو طوق زنجیر کرکے
مکہ مشرفہ سے خارج اور دیس نکال کر دیگا اللہ اسکا ہمیشہ نگہبان اور ہدایت

تحریک جشم مولوی عبدالرحمن بنارسی پس این پنج کسان هنوز تا وقت
روانگی از جده محبوس خواهند ماند در مجلس جده اطلاعاً نوشته شد باید که
این خبر را چهاپه کنانیده دهند از اولاد حسن سلام مسنون الاسلام برسد

خط ایک گجراتی خط میان غلام محمد کاغذی احمد آبادی کے نام پر
مکہ مشرفہ سے آیا ہے اسمین سب مضمون ایکسا ہے مگر بابت او تعزیر
کرنا اور پانسے ریال تعزیراً لینا بہت تفصیل وار لکھا ہے اسکے سوائے بہت خط
مختلف زبانونمین اسی مضمون اور مقدمے کے یہان کے بھی بمبئی عرب
وغیرہ تاجر لوگونکو پہنچے ہین اور ان سبکا مطلب ایکسان ہے اسلئے داخل نہین
کیا معلوم ہووے کہ جو احوال معتبر لوگونکی زبانی اور خطونکے داخلون سے معلوم ہوا
تفصیل وار دستاویزون کے ساتھ اس مختصر رسالے مین لکھا گیا اور
کلکتہ مدراس دہلی ممبئی اور حرمین الشریفین کے علماؤن کے فتوے تحفظ
صحیح سمین لکھے گئے اور جو حق تھا سو ظاہر ہوا ایک معتبر عالم دیندار
ساکن اکبر آباد فرماتے ہین کہ جب مین دہلی سے کچھ علم عربی تحصیل کرکے کلکتے
مین گیا اور وہان بھی کچھ حدیث وتفسیر کا فائدہ علمائے دیندار سے حاصل کیا
تب ایک انگریز بہادر صاحب نے جو بہت عربی اور فارسی مین قابل ہین اور

نفر از پلیش سرکاری روانه جده گشتند اغلبکه در عرصه هفته عشره سوار جهاز خواهند
برای اطلاع بطریق خوشخبری بشرکاء و تابعان دین متین نقلم آمد اگر مناسب
دانند برای عبرت دیگران چهاپه کنانیده بجاهاے معتبره و طرف دهلی وغیره
در گوانک ارسال دارند یه چوتها خط فارسی امام الدیخان کیطرف سے منمقام مکه
مشرفه مورخه بیسوین ماه جمادی الثانی ۱۲۶۵ سنه ہجریه مقدسه خط محب قلبی و مخلص
صمیمی حاجی شیخ عبد القادر صاحب جتیکر زید لطفهم پس از سلام و دعاهای خیر واضح
باد لله الحمد و المنه که بنده بخیر و عافیت است و صحت و عافیت آن مشتق دوام
از حضرت حق جل و علی مستدعی مخلص من حال تازه این بلدهٔ مقدسه این است
که پنج نفر از سرداران وهابیان بعلت وهابیت تا عرصه قریب یکماه در حبس
ماندند و پیروز که شنبه و تاریخ هژدهم جمادی الثانی ۱۲۶۵ سنه ہجری بود معه
اهل و عیال از شهر مکه معظمه بدر کرده شدند و بحکم حسیب باشا ازین مقام متبرک
خارج شدند الحمد لله علی احسانه و جرم ایشان همین بود که انکار تقلید میکردند و
مولود شریف را خواندن و دست بستن را در روضه مقدس و سلام عرض کردن را
بدعت گفتن مذهب ایشان است و بر قول شان شاهدان گذشتند و آن
پنج کسان این هستند مفتی مراد بنگالی حافظ عبد اللطیف مولوی محمد علی مولوی

فاتحہ چھوڑ دیوین مین نے کہا استغفر اللہ ایسا شیطانی کام مجھ سے نہوگا
اس مع کوئی نے کہا کہ بیس برس پادری صاحب یہان آ گئے ہین مین تب سے
انکا نوکر ہون ہزارون روپے دیکر ترجمے کی کتابین چھپوا اور انکے طفیل سے
بہت بیعلم مولوی قابل بن گئے یہہ تو اپنے دل سے مسلمان محمدی ہین اور بدعتی لوگونکے
بڑے دشمن ہین تفسیر وحدیث کا علم مین نے انگریزی پایا ہے تم بنگر یہہ پچاس
روپے کا ماہوار قبول کرلو اور تمہارے وطن مین خواہ کوئی اور شہر مین جا رہو
ساری عمر فراغت سے گذار دو مگر کتنے آدمی تمہاری طرف پھر اور مرید و شاگرد بنے
